نصاب الصرف میں موجود اسباق اور گردان کو آسان بنانے کے لیے
تمارین کے حل پر مشتمل ایک عمدہ ترتیب

حل تمارین
نصاب الصّرف

مؤلف:

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد گلریز رضا مصباحی صاحب

ناشر : مصباحی اکیڈمی مدناپور بھیڑی، بریلی شریف

نصاب الصرف میں موجود اسباق اور گردان کو آسان بنانے
کے لیے تمارین کے حل پر مشتمل ایک عمدہ ترتیب

بنام

حل تمارین نصاب الصرف

از

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری بریلی شریف

ناشر
مصباحی اکیڈمی مدناپور، بہیڑی بریلی شریف

فہرست

نصاب الصرف 5
سبق نمبر1۔۔ 5
ابتدائی باتیں 5
سبق نمبر2 5
کلمہ اوراس کی مختلف تقسیمات 5
سبق نمبر3 7
حروف اصلیہ وزائدہ کا بیان 7
سبق نمبر4: 8
شش اقسام کا بیان 8
سبق نمبر5 9
ہفت اقسام کا بیان 9
سبق نمبر6- 11
فعل کی اقسام کا بیان 11
سبق نمبر7۔ 12
ابواب کا بیان 12
سبق نمبر8: 12
فعل ماضی اوراس کی اقسام 12
سبق نمبر9۔ 35
فعل مضارع کا بیان 35
سبق نمبر10 39
فعل نفی جحد بلم 39
سبق نمبر11 42
فعل نفی تاکید بلن 42
سبق نمبر12۔ 44
نونِ تاکید کا بیان 44
سبق نمبر13 49
فعل امر کا بیان 49
سبق نمبر14: 53
فعل نہی کا بیان 53
سبق نمبر15: 58
اسماء مشتقہ کا بیان 58
سبق نمبر16: 60
اسم مفعول کا بیان 60
سبق نمبر17: 62

صفت مشبہ کا بیان 62
سبق نمبر18: 64
اسم تفضیل کا بیان 64
سبق نمبر19: 66
اسم مبالغہ کا بیان 66
سبق نمبر20: 67
اسم آلہ کا بیان 67
سبق نمبر21 69
اسم ظرف کا بیان 69
سبق نمبر22۔ 71
فعل تعجب کا بیان 71
سبق نمبر23۔ 71
مصدر کا بیان 71
سبق نمبر24۔ 72
گردان اور اس کی اقسام کا بیان 72
سبق نمبر25۔ 74
ہمزہ کا بیان 74
سبق نمبر26 75
سبق نمبر27 76
ابواب کا بیان 76
سبق نمبر28: 79
رباعی کے ابواب 79
سبق نمبر29۔ 80
سبق نمبر30 83
سبق نمبر31۔ 85
سبق نمبر38۔ 85
سبق(40)۔ 86
سبق(41) 90
سبق نمبر:43 93
:سبق نمبر:44 97
46: 101
سبق نمبر:47 112
سبق نمبر:49 118
سبق نمبر:51 119
تعارف بدست خود 121

نصاب الصرف

سبق نمبر 1۔۔

ابتدائی باتیں

۱۔علم صرف کی تعریف بیان کیجیے؟

- ایسے اصول وضوابط جن کے ذریعہ ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانے اور اس میں تبدیلی کرنے کا طریقہ معلوم ہو۔

۲۔علم صرف کا موضوع اور غرض وغایت بیان فرمائیں؟

- علم صرف کا موضوع صیغہ کے اعتبار سے کلمہ ہے اور اس کی غرض وغایت صیغوں کو بنانے اور ان میں تبدیلی کرنے میں ذہن کو غلطی سے بچانا ہے۔

۳۔علم صرف کو صرف کیوں کہتے ہیں؟

- علم صرف کو صرف کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا لغوی معنی "پھیرنا" ہے اور اس علم میں چونکہ ایک کلمہ کو پھیر کر اس کی مختلف صورتیں بنانے کے طریقے بیان کیے جاتے ہیں اس لیے اس علم کو "علم صرف" کہتے ہیں۔
-

سبق نمبر 2

کلمہ اور اس کی مختلف تقسیمات

۱۔سہ اقسام، شش اقسام، اور ہفت اقسام کسے کہتے ہیں؟

- کلمہ کی تین اقسام (اسم، فعل، حرف) کو سہ اقسام، اور کلمہ کی چھ اقسام (ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد، خماسی مزید فیہ) کو شش اقسام اور کلمہ کی سات اقسام (صحیح، مہموز، مضاعف، مثال، اجوف، ناقص، اور لفیف) کو ہفت اقسام کہتے ہیں۔

۲۔اسم، فعل، اور حرف کی تعریفات مع امثلہ بیان فرمائیں؟

- وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کے معنی کسی زمانے سے ملے ہوئے نہ ہو اسے اسم کہتے ہے۔ جیسے زَیْدٌ. وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کے معنی کسی زمانے

سے ملے ہوئے ہو اسے فعل کہتے ہے۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)۔ اور وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت نہ کرے اسے حرف کہتے ہیں۔ جیسے مِنْ (سے)۔

۳-اسم کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف اور مثال بھی بیان فرمائیں۔

- اسم کی 3 اقسام ہیں۔

1. اسم جامد: وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے دیگر کلمات بنتے ہوں جیسے زَیْدٌ بَکْرٌ وغیرہ
2. وہ اسم ہے جس سے دوسرے کلمات مشتق (بنتے) ہوں اور وہ خود کسی سے مشتق نہ ہو۔ اس کے اردو ترجمہ میں "نا" آتا ہے۔ جیسے نَصْرٌ (مدد کرنا)۔
3. اسم مشتق: وہ اسم جو مصدر سے بنایا جائے جیسے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) یہ یَنْصُرُ سے بنایا گیا ہے اور یَنْصُرُ نَصْرٌ سے۔

(الف) درج ذیل کلمات میں سے سہ اقسام الگ کریں۔

شمار	کلمات	اقسام
1	ضَرَبَ (مارا اس ایک مرد نے)	فعل
2	عَلٰی (پر)	حرف
3	قَلَمٌ (پین)	اسم
4	کُرَّاسَةٌ (کاپی)	اسم
5	نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)	فعل
6	یُنْصَرْنَ (مدد کی جاتی ہیں وہ سب عورتیں)	فعل
7	اَکْتُبُ (میں لکھتا ہوں)	فعل
8	ذَهَبَ (وہ گیا)	فعل
9	جَاءَ (وہ آیا)	فعل
10	فِیْ (میں)	حرف
11	اَلْمَدِیْنَةُ (مدینہ شریف)	اسم
12	فِعْلٌ (کام)	اسم

(ب) درج ذیل اسماء میں سے مصدر، مشتق، اور جامد جدا جدا کریں۔

شمار	اسماء	اقسام
1	بَيْتٌ (گھر)	جامد
2	بَابٌ (دروازہ)	جامد
3	مَفْتُوْحٌ (کھولا ہوا)	مشتق
4	فَهْمٌ (سمجھنا)	مصدر
5	حَسَنٌ (خوبصورت)	مشتق
6	اَفْضَلُ (زیادہ فضیلت والا)	مشتق
7	نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)	مشتق
8	كَرِيْمٌ (بزرگ)	مشتق
9	شُرْبٌ (پینا)	مصدر
10	جَرْیٌ (دوڑنا)	مصدر
11	ذَاهِبٌ (جانے والا)	مشتق
12	سَمْعٌ (سننا)	مصدر
13	مَكْتُوْبٌ (خط)	مشتق

سبق نمبر 3

حروف اصلیہ وزائدہ کا بیان

ا-حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کسے کہتے ہیں؟

- کسی کلمہ کے مادے کے حروف کو حروف اصلیہ اور ان کے علاوہ دیگر حروف کو جو اس کلمہ میں ہوں حروف زائدہ کہتے ہیں۔ جیسے لفظ "کِتَابٌ" میں ک، ت، اور ب حروف اصلیہ ہیں اور الف زائدہ ہے۔

۲- حروف اصلیہ وزائدہ کی پہچان کا کیا طریقہ ہے؟

- اس کی پہچان کے لیے سب سے پہلے اس کلمہ کا وزن معلوم کرنا ضروری ہے۔ صرفیوں نے کلمے کا وزن کرنے کے لیے بطورِ میزان تین حروف کا انتخاب کیا ہے ف، ع اور ل، لہٰذا ہر کلمے کے وزن میں ہمیشہ ف، ع اور ایک یا دو یا تین ل ضرور ہوں گے۔ وزن معلوم کرنے کے بعد جو حروف ف، ع اور ایک یا دو یا تین لام کی جگہ پر واقع ہوں گے وہ "حروف اصلیہ" اور جو اِن کے علاوہ ہوں گے وہ "حروف زائدہ" کہلائیں گے۔ جیسے: ضَرَبَ بروزن فَعَلَ اور أَكْرَمَ بروزن أَفْعَلَ (اس مثال میں ہمزہ زائدہ ہے)

۳۔ فاء، عین اور لام کلمہ کسے کہتے ہیں؟

- موزون میں جو حرف وزن کے فاء کے مقابلے میں آئے اُسے فاء کلمہ، جو عین کے مقابلے میں آئے اُسے عین کلمہ اور جو لام کے مقابلے میں آئے اُسے لام کلمہ کہا جاتا ہے

۴- حروف زائدہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟

- حروف زائدہ دس ہیں جن کا مجموعہ "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا" یا "اَلْيَوْمَ تَنْسَاهُ" ہے یعنی جو زائد حروف ہوں گے وہ ہمیشہ انہی حروف میں سے ہوں گے۔

سبق نمبر 4:

شش اقسام کا بیان

۱- ثلاثی، رباعی، اور خماسی کسے کہتے ہیں؟

- اگر کلمہ میں حروف اصلیہ تین ہوں تو اس کلمہ کو ثلاثی، چار ہوں تو رباعی، اور پانچ ہوں تو خماسی کہتے ہیں۔

۲- شش اقسام سے کیا مراد ہے-؟

- حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی چھ اقسام ہیں: ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد، خماسی مزید فیہ، انہی چھ اقسام کو "شش اقسام" کہتے ہیں۔

۳۔ شش اقسام میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان فرمائیں۔

(۱)۔۔۔۔۔ ثلاثی مجرد: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ تین ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے) بروزن فَعَلَ اور زَيْدٌ (نام) بروزن فَعْلٌ۔

(۲)۔۔۔ ثلاثی مزید فیہ: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ تین ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو۔ جیسے أَكْرَمَ (تعظیم کرنا) بروزن أَفْعَلَ۔ اور سِرَاجٌ (چراغ) بروزن فِعَالٌ۔ (أَكْرَمَ میں "ہمزہ" اور سِرَاجٌ میں "الف" زائد ہیں)

(۳)______رباعی مجرد: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ چار ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو۔ جیسے زَلْزَلَ (ہلانا) بروزن فَعْلَلَ، اور جَرْدَقٌ (روٹی کا ٹکڑا) بروزن فَعْلَلٌ۔

(۴)______رباعی مزید فیہ: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ چار ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو۔ جیسے تَزَنْدَقَ (زندیق ہونا) بروزن تَفَعْلَلَ، اور سِمْسَارٌ (دلاّل) بروزن فِعْلاَلٌ۔ (ان میں "ت" اور "الف" زائد ہیں)

(۵)______خماسی مجرد: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ پانچ ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو۔ جیسے جَحْمَرِشٌ (بوڑھی عورت) بروزن فَعْلَلِلٌ۔

(۶)______خماسی مزید فیہ: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ پانچ ہوں اور کوئی زائد حرف بھی ہو۔ جیسے: خَنْدَرِ يْسٌ (پرانی شراب) بروزن فَعْلَلِيْلٌ۔ (اس میں "ی" زائد ہے)۔

۴۔ کیا افعال بھی خماسی ہوتے ہیں؟

- افعال خماسی نہیں ہوتے۔

سبق نمبر 5

ہفت اقسام کا بیان

ا۔ ہفت اقسام سے کیا مراد ہے؟ ہر ایک کے تعریف اور مثال بھی بیان فرمائیں۔۔

- حروف صحیحہ اور حروف علت کے اعتبار سے کلمہ کی سات قسمیں شمار کی جاتی ہیں جنہیں "ہفت اقسام" کہتے ہیں وہ یہ ہیں: صحیح، مہموز، مضاعف، مثال، اجوف۔ ناقص، لفیف۔

__صحیح:

وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی نہ حرفِ علت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ اس میں ایک جنس کے دو حروف ہوں۔ جیسے نَصْرٌ (مدد کرنا) کِتَابٌ (کتاب)

______مہموز:

وہ کلمہ جس کا کوئی حرفِ اصلی ہمزہ ہو۔ جیسے: أَكْلٌ (کھانا) رَأْسٌ (سر) قَرَءَ (اس نے پڑھا)۔

______مضاعف:

وہ کلمہ جس میں دو حروف اصلیہ ایک جنس کے ہوں۔ جیسے: مَدٌّ (کھینچنا)۔ (یہ اصل میں مَدَدٌ تھا۔)

______مثال:

وہ کلمہ جس کا فاء کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے "مُعْتَلُّ الْفَاءِ" بھی کہتے ہیں۔ جیسے وَعْظٌ (نصیحت کرنا) يَتَمٌ (یتیم ہونا)۔

______اجوف:

وہ کلمہ جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے "مُعْتَلُّ الْعَيْنِ" بھی کہتے ہیں۔ جیسے: صَوْمٌ (روزہ رکھنا) غَيْبٌ (غائب ہونا)۔

______ناقص:

وہ کلمہ جس کا لام کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے "مُعْتَلُّ اللَّامِ" بھی کہتے ہیں۔ عَفْوٌ (معاف کرنا) مَشْيٌ (چلنا)

۔۔۔۔لفیف:

وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف علت ہوں۔ جیسے طَيٌّ (لپیٹنا) وَلْيٌ (قریب ہونا)۔

۲-(الف) بتائیں مہموز الفاء، مہموز العین اور مہموز اللام کسے کہتے ہیں؟

- اگر ہمزہ فاء کلمہ میں ہو تو اُسے "مہموز الفاء"، عین کلمہ میں ہو تو "مہموز الْعَیْن" اور لام کلمہ میں ہو تو اُسے "مہموز اللام" کہتے ہیں۔

(ب) مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی سے کیا مراد ہے؟

- وہ کلمہ جس میں دو حرف اصلیہ ایک جنس کے ہوں اگر ثلاثی ہو تو اُسے "مضاعف ثلاثی" اور اگر رباعی ہو تو اُسے "مضاعف رباعی" کہتے ہیں۔ جیسے فَرٌّ (بھاگنا) غَرْغَرَةٌ (غرغرہ کرنا)۔

(ج) مثال واوی اور مثال یائی کیا ہیں؟

- اگر فاء کلمہ میں واقع ہونے والا حرف علت "واؤ" ہو تو اُس کلمہ کو "مثال واوی" اور اگر "یاء" ہو تو اُسے "مثال یائی" کہتے ہیں۔

(د) اجوف واوی اور اجوف یائی کی تعریف اور مثال بیان کیجئے۔

- اگر عین کلمہ میں واقع ہونے والا حرف علت "واؤ" ہو تو اس کلمہ کو "اجوف واوی" اور اگر "یاء" ہو تو اُسے "اجوف یائی" کہتے ہیں۔ جیسے: صَوْمٌ (روزہ رکھنا) غَيْبٌ (غائب ہونا)۔

(ہ) ناقص واوی اور ناقص یائی کی وضاحت فرمایئے۔

- اگر لام کلمہ میں واقع ہونے والا حرف علت "واؤ" ہو تو اُس کلمہ کو "ناقص واوی" اور اگر "یائی" ہو تو اُسے "ناقص یائی" کہتے ہیں۔ جیسے عَفْوٌ (معاف کرنا) مَشْيٌ (چلنا)۔

(و) لفیف مقرون ولفیف مفروق میں کیا فرق ہے؟

- اگر کلمہ میں دونوں حروف علت ملے ہوئے ہوں تو اس کلمہ کو "لفیف مقرون" اور اگر ملے ہوئے نہ ہوں بلکہ درمیان کوئی حرف صحیح ہو تو اسے "لفیف مفروق" کہتے ہیں۔

۳۔۔بتائیں دہ اقسام، یازدہ اقسام، اور چہار اقسام سے کون کونسی اقسام مراد ہوتی ہیں؟

- بعض صرفیین ان اقسام کو دس شمار کرتے ہیں: صحیح، مہموز الفاء، مہموز العین، مہموز اللام، مثال، اجوف، ناقص، لفیف مقرون، لفیف مفروق، مضاعف ان دس اقسام کو "دہ اقسام" کہتے ہیں۔ اور بعض ان اقسام میں مضاعف کو دو شمار کرتے ہیں: مضاعف ثلاثی، اور مضاعف رباعی۔ اس طرح یہ کل گیارہ قسمیں بن جاتی ہیں جنہیں "یازدہ اقسام" کہتے ہیں۔ اور بعض حضرات ان اقسام میں سے صرف چار قسمیں شمار کرتے ہیں: صحیح، مہموز، معتل، اور مضاعف۔ انہی چار اقسام کو "چہار اقسام" کہا جاتا ہے۔

سبق نمبر6-

فعل کی اقسام کا بیان

ا۔:۔حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟مع تعریفات وامثلہ بیان فرمائیں۔

- حروفِ اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے فعل کی دو اقسام ہیں:

(ا)۔۔۔۔۔۔فعل ثلاثی۔جس میں تین اصلی حروف ہو جیسے:نَصَرَ

(۲)۔۔۔۔۔۔فعل رباعی جس میں چار اصلی حروف ہو۔جیسے:زَلْزَلَ۔

۲-حروف علت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟مع تعریفات وامثلہ بیان کیجئے۔

- حروف علت کے اعتبار سے فعل کی چار اقسام ہیں:

(ا)۔۔۔۔۔۔فعل صحیح وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی نہ حرفِ علت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ اس میں ایک جنس کے دو حروف ہوں۔جیسے:نَصَرَ

(۲)۔۔فعل مہموز وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی ہمزہ ہو۔جیسے:اَکَلَ

(۳)۔۔فعل مضاعف۔وہ کلمہ جس میں دو حروف اصلیہ ایک جنس کے ہوں جیسے:فَرَّ

(۴)۔۔فعل معتل وہ کلمہ جس کا کوئی کلمہ حرف علت ہو۔۔جیسے:قَالَ۔

۳۔مع تعریفات وامثلہ بتائیں کہ زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

- زمانہ کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں:(ا)فعل ماضی(۲)فعل مضارع(۳)فعل امر

(ا)۔۔فعل ماضی:وہ فعل جو گزشتہ زمانہ میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نَصَرَ(مدد کی اس ایک مرد نے)۔

(۲)۔۔فعل مضارع:وہ فعل جو زمانہ حال یا استقبال میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔جیسے یَنْصُرُ(مدد کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد)۔

(۳)۔فعل امر:وہ فعل جس کے ذریعہ مخاطب سے کوئی کام طلب کیا جائے۔جیسے اُنْصُرْ(مدد کر تو ایک مرد)۔

۴۔فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟مع تعریفات وامثلہ احاطہ بیان میں لائیں۔

- فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:(ا)فعل معروف(۲)فعل مجہول۔

(ا)۔۔۔فعل معروف:وہ فعل جس کی نسبت فاعل کی طرف کی گئی ہو۔جیسے نَصَرَ زَیْدٌ(زید نے مدد کی

(۲)۔۔فعل مجہول:وہ فعل جس کی نسبت مفعول بہ کی طرف کی گئی ہو۔جیسے نُصِرَ زَیْدٌ(زید کی مدد کی گئی)۔

۵۔مفعول بہ کی ضرورت کے اعتبار سے فعل کی اقسام کو مع تعریفات وامثلہ رنگ بیان سے مزین فرمائیں۔

- مفعول بہ کی ضرورت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:(ا)فعل لازم(۲)فعل متعدی۔

(ا)۔۔۔۔۔۔فعل لازم:وہ فعل جسے سمجھنے کے لیے فاعل کے علاوہ مفعول بہ کی ضرورت نہ ہو۔جیسے جَاءَ زَیْدٌ(زید آیا)

(۲)۔۔۔۔۔۔فعل متعدی:وہ فعل جس کا سمجھنا مفعول بہ پر موقوف ہو۔جیسے نَصَرَ زَیْدٌ خَالِداً(زید نے خالد کی مدد کی)۔

۶۔نفی واثبات کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟مع تعریفات وامثلہ سپرد نوک زبان کیجئے۔

- نفی واثبات کے اعتبار سے بھی فعل کی دو قسمیں ہیں:(ا)فعل مُثبت(۲)فعل منفی۔

(۱)۔ فعل مُثبَت: وہ فعل جس میں کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے۔ جیسے نَصَرَ زَیْدٌ (زید نے مدد کی)۔
(۲)۔ فعل منفی: وہ فعل جس میں کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا پایا جائے۔ جیسے: مَانَصَرَ زَیْدٌ (زید نے مدد نہیں کی)۔

سبق نمبر 7۔

ابواب کا بیان

۱۔۔ اصطلاح صرف میں باب سے کیا مراد ہے؟

- اصطلاحِ صرف میں مخصوص ثلاثی مجرد کے ماضی و مضارع دونوں کے پہلے صیغے کو ملا کر اسے "باب" کا نام دیتے ہیں، اور ثلاثی مجرد کے علاوہ مصادر کے مخصوص اوزان کو باب کہتے ہیں۔

۲۔ مطرد اور شاذ کسے کہتے ہیں؟

- مطرد: وہ ابواب جو کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ شاذ: وہ ابواب جو کم استعمال ہوتے ہیں۔

۳۔ ثلاثی مجرد کے کل کتنے ابواب ہیں؟ ان میں کونسے مطرد اور کونسے شاذ ہیں؟

- ثلاثی مجرد کے کل آٹھ ابواب ہیں۔

مطرد ابواب یہ ہیں۔(۱) نَصَرَ یَنْصُرُ (۲) ضَرَبَ یَضْرِبُ (۳) سَمِعَ یَسْمَعُ (۴) فَتَحَ یَفْتَحُ (۵) کَرُمَ یَکْرُمُ .
اور شاذ یہ ہیں۔(۱) حَسِبَ یَحْسِبُ (۲) کَادَ یَکَادُ (کَوُدَ یَکْوُدُ) (۳) فَضِلَ یَفْضُلُ۔۔

۴۔ کونسے ابواب کو "ام الابواب" اور کن ابواب کو "فروع الابواب" کہا جاتا ہے؟

- نَصَرَ یَنْصُرُ، ضَرَبَ یَضْرِبُ اور سَمِعَ یَسْمَعُ کو "اُمُّ الْاَبْوَابِ" اور فَتَحَ یَفْتَحُ، کَرُمَ یَکْرُمُ اور حَسِبَ یَحْسِبُ کو "فُرُوْعُ الْاَبْوَابِ" کہتے ہیں۔

سبق نمبر 8:

فعل ماضی اور اس کی اقسام

۱۔ فعل ماضی کی تعریف بیان کیجئے۔

- فعل ماضی وہ فعل ہے جو گزشتہ زمانہ میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔ مثلاً ضَرَبَ (مارا اس ایک مرد نے)۔

۲۔ فعل ماضی کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

- فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں: (۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب (۳) ماضی بعید (۴) ماضی احتمالی (۵) ماضی تمنائی (۶) ماضی استمراری۔

(۱)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی مطلق کی تعریف: وہ فعل ماضی جس میں قُرب و بُعد (یعنی دُوری اور نزدیکی) کا اعتبار نہ ہو۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)

(۲)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی قریب کی تعریف: وہ فعل جو ماضی قریب میں کسی کام کے پائے جانے پر دلالت کرے۔ جیسے قَدْضَرَبَ (ابھی مارا اس ایک مرد نے)۔

(۳)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی بعید کی تعریف: وہ فعل جو ماضی بعید میں کسی کام کے پائے جانے پر دلالت کرے۔ جیسے کَانَ جَاءَ (آیا تھا وہ ایک مرد)

(۴)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی احتمالی کی تعریف: وہ فعل جو زمانہ ماضی میں کسی کام کے پائے جانے میں شک پر دلالت کرے۔ جیسے لَعَلَّهٗ ضَرَبَ (شاید مارا ہو گا اس ایک مرد نے) اسے "ماضی شکی" بھی کہتے ہیں۔

(۵)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی تمنائی کی تعریف: وہ فعل ماضی جو کسی کام کی خواہش یا آرزو پر دلالت کرے۔ جیسے لَيْتَهٗ ضَرَبَ (کاش مارتا وہ ایک مرد)۔

(۶)۔۔۔فعل ماضی استمراری کی تعریف: وہ فعل ماضی جو کسی کام کے مسلسل پائے جانے پر دلالت کرے۔ جیسے کَانَ يَضْرِبُ (مارتا تھا وہ ایک مرد)۔

۳۔ ہر ایک کے بنانے کا طریقہ بھی بیان کریں۔

- (۱)۔۔فعل ماضی مطلق بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے مصدر کے فاء اور لام کلمہ کو فتح دیں، اور عین کلمہ پر تینوں حرکات آتی ہیں یعنی کبھی فتحہ کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ۔ جیسے نَصْرٌ سے نَصَرَ، شُرْبٌ سے شَرِبَ اور شَرَافَةٌ سے شَرُفَ۔

(۲)۔۔۔۔فعل ماضی قریب بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق سے پہلے "قَدْ" لگانے سے فعل ماضی قریب بن جاتا ہے جیسے ضَرَبَ سے قَدْضَرَبَ۔

(۳)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی بعید بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق سے پہلے "کَانَ" کا اضافہ کرنے سے فعل ماضی بعید بن جاتا ہے۔ جیسے ضَرَبَ سے کَانَ ضَرَبَ

(۴)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے شروع میں "لَعَلَّ، لَعَلَّمَا، یا یَکُوْنُ" کا اضافہ کرنے سے فعل ماضی احتمالی بن جاتا ہے۔ جیسے قَرَءَ سے لَعَلَّمَا قَرَءَ (شاید پڑھا ہو اس ایک مرد نے) یَکُوْنُ قَرَءَ (شاید پڑھا ہو اس ایک مرد نے)

(۵)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے شروع میں "لَيْتَ" یا "لَيْتَمَا" کا اضافہ کرنے سے فعل ماضی تمنائی بن جاتا ہے۔ نَصَرَ سے لَيْتَمَا نَصَرَ (کاش مدد کرتا وہ ایک مرد)۔

(۶)۔۔۔۔۔۔فعل ماضی استمراری بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع کے شروع میں "کَانَ" کا اضافہ کرنے سے فعل ماضی استمراری بن جاتا ہے۔ جیسے يَضْرِبُ سے کَانَ يَضْرِبُ (مارا کرتا تھا وہ ایک مرد)۔

۴۔ بتائیں معروف سے مجہول اور مثبت سے منفی کس طرح بناتے ہیں؟

- ۔۔ مثبت مجہول بنانے کے لیے سوائے ماضی استمراری کے ان میں سے ہر ایک فعل کے فاء کلمہ کو ضمہ اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ، جبکہ ماضی استمراری میں علامت مضارع کو ضمہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں۔ جیسے کَانَ یَضْرِبُ سے کَانَ یُضْرَبُ۔ ان میں سے ہر ایک کو منفی بنانے کے لیے فعل ماضی کے صیغہ سے پہلے حرف نفی (مَا یا لَا) کا اضافہ کرتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ یاضُرِبَ سے مَاضَرَبَ یا مَاضُرِبَ، کَانَ یَضْرِبُ یا کَانَ یُضْرَبُ سے مَا کَانَ یَضْرِبُ یا مَا کَانَ یُضْرَبُ وغیرہ۔

۵۔۔فَتْحٌ (کھولنا) مصدر سے مذکورہ بالا اوزان پر گردانیں مع ترجمہ وصیغہ اپنی کاپی پر خوش خط تحریر فرمائیں۔

فعل ماضی مطلق مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
فَتَحَ	کھولا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
فَتَحَا	کھولا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
فَتَحُوْا	کھولا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
فَتَحَتْ	کھولا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
فَتَحَتَا	کھولا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
فَتَحْنَ	کھولا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
فَتَحْتَ	کھولا تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
فَتَحْتُمَا	کھولا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
فَتَحْتُمْ	کھولا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
فَتَحْتِ	کھولا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
فَتَحْتُمَا	کھولا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
فَتَحْتُنَّ	کھولا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
فَتَحْتُ	کھولا میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
فَتَحْنَا	کھولا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

صیغہ	ترجمہ	گردان
واحد مذکر غائب	کھولا گیا وہ ایک مرد	فُتِحَ
تثنیہ مذکر غائب	کھولے گئے وہ دو مرد	فُتِحَا
جمع مذکر غائب	کھولے گئے وہ سب مرد	فُتِحُوْا
واحد مؤنث غائب	کھولی گئی وہ ایک عورت	فُتِحَتْ
تثنیہ مؤنث غائب	کھولی گئیں وہ دو عورتیں	فُتِحَتَا
جمع مؤنث غائب	کھولی گئیں وہ سب عورتیں	فُتِحْنَ
واحد مذکر حاضر	کھولا گیا تو ایک مرد	فُتِحْتَ
تثنیہ مذکر حاضر	کھولے گئے تم دو مرد	فُتِحْتُمَا
جمع مذکر حاضر	کھولے گئے تم سب مرد	فُتِحْتُمْ
واحد مؤنث حاضر	کھولی گئی تو ایک عورت	فُتِحْتِ
تثنیہ مؤنث حاضر	کھولی گئیں تم دو عورتیں	فُتِحْتُمَا
جمع مؤنث حاضر	کھولی گئیں تم سب عورتیں	فُتِحْتُنَّ
واحد متکلم (مذکر ومؤنث)	کھولا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	فُتِحْتُ
جمع متکلم۔(جمع متکلم مذکر ومؤنث)	کھولے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	فُتِحْنَا

فعل ماضی مطلق منفی معروف

صیغہ	ترجمہ	گردان
واحد مذکر غائب	نہیں کھولا اس ایک مرد نے	مَا فَتَحَ
تثنیہ مذکر غائب	نہیں کھولا ان دو مردوں نے	مَا فَتَحَا

مَا فَتَحُوْا	نہیں کھولا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
مَا فَتَحَتْ	نہیں کھولا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
مَا فَتَحَتَا	نہیں کھولا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
مَا فَتَحْنَ	نہیں کھولا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
مَا فَتَحْتَ	نہیں کھولا تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
مَا فَتَحْتُمَا	نہیں کھولا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
مَا فَتَحْتُمْ	نہیں کھولا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
ما فَتَحْتِ	نہیں کھولا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
مَا فَتَحْتُمَا	نہیں کھولا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
مَا فَتَحْتُنَّ	نہیں کھولا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
مَا فَتَحْتُ	نہیں کھولا میں ایک (مرد یا عورت) نے	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
مَا فَتَحْنَا	نہیں کھولا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

فعل ماضی مطلق منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
ما فُتِحَ	نہیں کھولا گیا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
ما فُتِحَا	نہیں کھولے گئے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
ما فُتِحُوْا	نہیں کھولے گئے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
ما فُتِحَتْ	نہیں کھولی گئی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
ما فُتِحَتَا	نہیں کھولی گئیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
ما فُتِحْنَ	نہیں کھولی گئیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب

ما فُتِحْتَ	نہیں کھولا گیا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
ما فُتِحْتُمَا	نہیں کھولے گئے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
ما فُتِحْتُمْ	نہیں کھولے گئے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
ما فُتِحْتِ	نہیں کھولی گئ تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
ما فُتِحْتُمَا	نہیں کھولی گئیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
ما فُتِحْتُنَّ	نہیں کھولی گئیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
ما فُتِحْتُ	نہیں کھولا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
ما فُتِحْنَا	نہیں کھولے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی قریب مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
قَدْ فَتَحَ	ابھی کھولا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
قَدْ فَتَحَا	ابھی کھولا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
قَدْ فَتَحُوْا	ابھی کھولا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
قَدْ فَتَحَتْ	ابھی کھولا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
قَدْ فَتَحَتَا	ابھی کھولا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
قَدْ فَتَحْنَ	ابھی کھولا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
قَدْ فَتَحْتَ	تو ایک مرد نے ابھی کھولا	واحد مذکر حاضر
قَدْ فَتَحْتُمَا	ابھی کھولا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
قَدْ فَتَحْتُمْ	ابھی کھولا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر

قَدْ فَتَحْتِ	ابھی کھولا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
قَدْ فَتَحْتُمَا	ابھی کھولا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
قَدْ فَتَحْتُنَّ	ابھی کھولا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
قَدْ فَتَحْتُ	ابھی کھولا میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
قَدْ فَتَحْنَا	ابھی کھولا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی قریب مثبت مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
قَدْ فُتِحَ	ابھی کھولا گیا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
قَدْ فُتِحَا	ابھی کھولے گئے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
قَدْ فُتِحُوْا	ابھی کھولے گئے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
قَدْ فُتِحَتْ	ابھی کھولی گئی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
قَدْ فُتِحَتَا	ابھی کھولی گئیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مونث غائب
قَدْ فُتِحْنَ	ابھی کھولی گئیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
قَدْ فُتِحْتَ	ابھی کھولا گیا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
قَدْ فُتِحْتُمَا	ابھی کھولے گئے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
قَدْ فُتِحْتُمْ	ابھی کھولے گئے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
قَدْ فُتِحْتِ	ابھی کھولی گئی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
قَدْ فُتِحْتُمَا	ابھی کھولی گئیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
قَدْ فُتِحْتُنَّ	ابھی کھولی گئیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
قَدْ فُتِحْتُ	ابھی کھولا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)

قَدْ فُتِحْنَا	ابھی کھولے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی قریب منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
قَدْ ما فَتَحَ	ابھی نہیں کھولا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
قَدْ ما فَتَحَا	ابھی نہیں کھولا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
قَدْ ما فَتَحُوْا	ابھی نہیں کھولا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
قَدْ ما فَتَحَتْ	ابھی نہیں کھولا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
قَدْ ما فَتَحَتَا	ابھی نہیں کھولا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
قَدْ ما فَتَحْنَ	ابھی نہیں کھولا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
قَدْ ما فَتَحْتَ	ابھی نہیں کھولا تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
قَدْ ما فَتَحْتُمَا	ابھی نہیں کھولا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
قَدْ ما فَتَحْتُمْ	ابھی نہیں کھولا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
قَدْ ما فَتَحْتِ	ابھی نہیں کھولا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
قَدْ ما فَتَحْتُمَا	ابھی نہیں کھولا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
قَدْ ما فَتَحْتُنَّ	ابھی نہیں کھولا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
قَدْ ما فَتَحْتُ	ابھی نہیں کھولا میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
قَدْ ما فَتَحْنَا	ابھی نہیں کھولا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی قریب منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
قَدْ ما فُتِحَ	ابھی نہیں کھولا گیا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
قَدْ ما فُتِحَا	ابھی نہیں کھولے گئے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
قَدْ ما فُتِحُوْا	ابھی نہیں کھولے گئے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
قَدْ ما فُتِحَتْ	ابھی نہیں کھولی گئی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
قَدْ ما فُتِحَتَا	ابھی نہیں کھولی گئیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مونث غائب
قَدْ ما فُتِحْنَ	ابھی نہیں کھولی گئیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
قَدْ ما فُتِحْتَ	ابھی نہیں کھولا گیا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
قَدْ ما فُتِحْتُمَا	ابھی نہیں کھولے گئے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
قَدْ ما فُتِحْتُمْ	ابھی نہیں کھولے گئے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
قَدْ ما فُتِحْتِ	ابھی نہیں کھولی گئی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
قَدْ ما فُتِحْتُمَا	ابھی نہیں کھولی گئیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
قَدْ ما فُتِحْتُنَّ	ابھی نہیں کھولی گئیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
قَدْ ما فُتِحْتُ	ابھی نہیں کھولا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
قَدْ ما فُتِحْنَا	ابھی نہیں کھولے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی بعید مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ

كَانَ فَتَحَ	کھولا تھا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
كَانَا فَتَحَا	کھولا تھا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا فَتَحُوْا	کھولا تھا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
كَانَتْ فَتَحَتْ	کھولا تھا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا فَتَحَتَا	کھولا تھا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ فَتَحْنَ	کھولا تھا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
كُنْتَ فَتَحْتَ	کھولا تھا تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا فَتَحْتُمَا	کھولا تھا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
كُنْتُمْ فَتَحْتُمْ	کھولا تھا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ فَتَحْتِ	کھولا تھا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا فَتَحْتُمَا	کھولا تھا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
كُنْتُنَّ فَتَحْتُنَّ	کھولا تھا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ فَتَحْتُ	کھولا تھا میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
كُنَّا فَتَحْنَا	کھولا تھا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی بعید مثبت مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَانَ فُتِحَ	کھولا گیا تھا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
كَانَا فُتِحَا	کھولے گئے تھے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا فُتِحُوْا	کھولے گئے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب

كَانَتْ فُتِحَتْ	کھولی گئی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا فُتِحَتَا	کھولیں گئیں تھیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ فُتِحْنَ	کھولیں گئیں تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
كُنْتَ فُتِحْتَ	کھولا گیا تھا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا فُتِحْتُمَا	کھولے گئے تھے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
كُنْتُمْ فُتِحْتُمْ	کھولے گئے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ فُتِحْتِ	کھولی گئی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا فُتِحْتُمَا	کھولیں گئیں تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
كُنْتُنَّ فُتِحْتُنَّ	کھولیں گئیں تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ فُتِحْتُ	کھولا گیا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
كُنَّا فُتِحْنَا	کھولے گئے تھے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

فعل ماضی بعید منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَانَ ما فَتَحَ	نہیں کھولا تھا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
كَانَا ما فَتَحَا	نہیں کھولا تھا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا ما فَتَحُوْا	نہیں کھولا تھا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
كَانَتْ ما فَتَحَتْ	نہیں کھولا تھا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا ما فَتَحَتَا	نہیں کھولا تھا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ ما فَتَحْنَ	نہیں کھولا تھا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب

كُنْتَ ما فَتَحْتَ	نہیں کھولا تھاتو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا ما فَتَحْتُمَا	نہیں کھولا تھاتم دومردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
كُنْتُمْ ما فَتَحْتُمْ	نہیں کھولا تھاتم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ ما فَتَحْتِ	نہیں کھولا تھاتو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا ما فَتَحْتُمَا	نہیں کھولا تھاتم دوعورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
كُنْتُنَّ ما فَتَحْتُنَّ	نہیں کھولا تھاتم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ ما فَتَحْتُ	نہیں کھولا تھامیں ایک نے (مرد یاعورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
كُنَا ما فَتَحْنَا	نہیں کھولا تھاہم سب (مرد یاعورت) نے	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی بعید منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَانَ ما فُتِحَ	نہیں کھولا گیاتھاوہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
كَانَا ما فُتِحَا	نہیں کھولے گئے تھے وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا ما فُتِحُوْا	نہیں کھولے گئے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
كَانَتْ ما فُتِحَتْ	نہیں کھولی گئی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا ما فُتِحَتَا	نہیں کھولی گئیں تھیں وہ دوعورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ ما فُتِحْنَ	نہیں کھولی گئیں تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
كُنْتَ ما فُتِحْتَ	نہیں کھولا گیاتھاتو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا ما فُتِحْتُمَا	نہیں کھولے گئے تھے تم دومرد	تثنیہ مذکر حاضر

كُنْتُمْ ما فُتِحْتُمْ	نہیں کھولے گئے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ ما فُتِحْتِ	نہیں کھولی گئی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا ما فُتِحْتُمَا	نہیں کھولی گئیں تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
كُنْتُنَّ ما فُتِحْتُنَّ	نہیں کھولی گئیں تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ ما فُتِحْتُ	نہیں کھولا گیا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
كُنَّا ما فُتِحْنَا	نہیں کھولے گئے تھے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

فعل ماضی احتمالی مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَعَلَّهُ فَتَحَ	شاید کھولا ہو اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
لَعَلَّهُمَا فَتَحَا	شاید کھولا ہو ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
لَعَلَّهُمْ فَتَحُوْا	شاید کھولا ہو ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
لَعَلَّهَا فَتَحَتْ	شاید کھولا ہو اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
لَعَلَّهُمَا فَتَحَتَا	شاید کھولا ہو ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
لَعَلَّهُنَّ فَتَحْنَ	شاید کھولا ہو ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
لَعَلَّكَ فَتَحْتَ	شاید کھولا ہو تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
لَعَلَّكُمَا فَتَحْتُمَا	شاید کھولا ہو تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
لَعَلَّكُمْ فَتَحْتُمْ	شاید کھولا ہو تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
لَعَلَّكِ فَتَحْتِ	شاید کھولا ہو تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
لَعَلَّكُمَا فَتَحْتُمَا	شاید کھولا ہو تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر

لَعَلَّكُنَّ فَتَحْتُنَّ	شاید کھولا ہو تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
لَعَلَّنِیْ فَتَحْتُ	شاید کھولا ہو میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لَعَلَّنَا فَتَحْنَا	شاید کھولا ہو ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

فعل ماضی بعید مثبت مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَعَلَّهٗ فُتِحَ	شاید کھولا گیا ہو وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَعَلَّهُمَا فُتِحَا	شاید کھولے گئے ہو وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَعَلَّهُمْ فُتِحُوْا	شاید کھولے گئے ہو وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَعَلَّهَا فُتِحَتْ	شاید کھولی گئ ہو وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَعَلَّهُمَا فُتِحَتَا	شاید کھولیں گئیں ہو وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَعَلَّهُنَّ فُتِحْنَ	شاید کھولیں گئیں ہو وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَعَلَّكَ فُتِحْتَ	شاید کھولا گیا ہو تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَعَلَّكُمَا فُتِحْتُمَا	شاید کھولے گئے ہو تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَعَلَّكُمْ فُتِحْتُمْ	شاید کھولے گئے ہو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَعَلَّكِ فُتِحْتِ	شاید کھولی گئ ہو تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَعَلَّكُمَا فُتِحْتُمَا	شاید کھولیں گئیں ہو تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَعَلَّكُنَّ فُتِحْتُنَّ	شاید کھولیں گئیں ہو تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَعَلَّنِیْ فُتِحْتُ	شاید کھولا گیا ہو میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لَعَلَّنَا فُتِحْنَا	شاید کھولے گئے ہو ہم سب (مرد یا	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

	عورت)	

فعل ماضی احتمالی منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَعَلَّهٗ ما فَتَحَ	شاید نہ کھولا ہو ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
لَعَلَّهُما ما فَتَحَا	شاید نہ کھولا ہو ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
لَعَلَّهُمْ ما فَتَحُوْا	شاید نہ کھولا ہو ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
لَعَلَّهَا ما فَتَحَتْ	شاید نہ کھولا ہو اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
لَعَلَّهُمَا ما فَتَحَتَا	شاید نہ کھولا ہو ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
لَعَلَّهُنَّ ما فَتَحْنَ	شاید نہ کھولا ہو ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
لَعَلَّكَ ما فَتَحْتَ	شاید نہ کھولا ہو تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
لَعَلَّكُمَا ما فَتَحْتُمَا	شاید نہ کھولا ہو تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
لَعَلَّكُمْ ما فَتَحْتُمْ	شاید نہ کھولا ہو تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر
لَعَلَّكِ ما فَتَحْتِ	شاید نہ کھولا ہو تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
لَعَلَّكُمَا ما فَتَحْتُمَا	شاید نہ کھولا ہو تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
لَعَلَّكُنَّ ما فَتَحْتُنَّ	شاید نہ کھولا ہو تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
لَعَلَّنِيْ ما فَتَحْتُ	شاید نہ کھولا ہو میں ایک نے (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَعَلَّنَا ما فَتَحْنَا	شاید نے نہ کھولا ہو ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی احتمالی منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَعَلَّهٗ ما فُتِحَ	شاید نہ کھولا گیا ہو وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَعَلَّهُما ما فُتِحَا	شاید نہ کھولے گئے ہو وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَعَلَّهُمْ ما فُتِحُوْا	شاید نہ کھولے گئے ہو وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَعَلَّهَا ما فُتِحَتْ	شاید نہ کھولی گئ ہو وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَعَلَّهُمَا ما فُتِحَتَا	شاید نہ کھولیں گئیں ہو وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَعَلَّهُنَّ ما فُتِحْنَ	شاید نہ کھولیں گئیں ہو وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَعَلَّکَ ما فُتِحْتَ	شاید نہ کھولا گیا ہو تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَعَلَّکُمَا ما فُتِحْتُمَا	شاید نہ کھولے گئے ہو تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَعَلَّکُمْ ما فُتِحْتُمْ	شاید نہ کھولے گئے ہو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَعَلَّکِ ما فُتِحْتِ	شاید نہ کھولی گئ ہو تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَعَلَّکُمَا ما فُتِحْتُمَا	شاید نہ کھولیں گئیں ہو تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَعَلَّکُنَّ ما فُتِحْتُنَّ	شاید نہ کھولیں گئیں ہو تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَعَلَّنِیْ ما فُتِحْتُ	شاید نہ کھولا گیا ہو میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَعَلَّنَا ما فُتِحْنَا	شاید نہ کھولے گئے ہو ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی تمنائی مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَیْتَهٗ فَتَحَ	کاش کہ کھولتا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَیْتَهُمَا فَتَحَا	کاش کہ کھولتے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب

لَيْتَهُمْ فَتَحُوْا	کاش کہ کھولتے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَيْتَهَا فَتَحَتْ	کاش کہ کھولتی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَيْتَهُمَا فَتَحَتَا	کاش کہ کھولتی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَيْتَهُنَّ فَتَحْنَ	کاش کہ کھولتی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَيْتَكَ فَتَحْتَ	کاش کہ کھولتا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَيْتَكُمَا فَتَحْتُمَا	کاش کہ کھولتے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَيْتَكُمْ فَتَحْتُمْ	کاش کہ کھولتے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَيْتَكِ فَتَحْتِ	کاش کہ کھولتی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَيْتَكُمَا فَتَحْتُمَا	کاش کہ کھولتی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَيْتَكُنَّ فَتَحْتُنَّ	کاش کہ کھولتی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَيْتَنِيْ فَتَحْتُ	کاس کے کھولتا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَيْتَنَا فَتَحْنَا	کاش کے کھولتے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی تمنائی مثبت مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَيْتَهٗ فُتِحَ	کاش کہ کھولا گیا ہوتا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَيْتَهُمَا فُتِحَا	کاش کہ کھولے گئے ہوتے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَيْتَهُمْ فُتِحُوْا	کاش کہ کھولے گئے ہوتے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَيْتَهَا فُتِحَتْ	کاش کہ کھولی گئی ہوتی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَيْتَهُمَا فُتِحَتَا	کاش کہ کھولی گئیں ہوتیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب

لَيْتَهُنَّ فُتِحْنَ	کاش کہ کھولی گئیں ہوتیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَيْتَكَ فُتِحْتَ	کاش کہ کھولا گیا ہوتا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَيْتَكُمَا فُتِحْتُمَا	کاش کہ کھولے گئے ہوتے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَيْتَكُمْ فُتِحْتُمْ	کاش کہ کھولے گئے ہوتے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَيْتَكِ فُتِحْتِ	کاش کہ کھولی گئی ہوتی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَيْتَكُمَا فُتِحْتُمَا	کاش کہ کھولی گئیں ہوتیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَيْتَكُنَّ فُتِحْتُنَّ	کاش کہ کھولی گئیں ہوتیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَيْتَنِي فُتِحْتُ	کاش کہ کھولا گیا ہوتا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَيْتَنَا فُتِحْنَا	کاش کہ کھولے گئے ہوتے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی تمنائی منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَيْتَهُ ما فَتَحَ	کاش کہ نہ کھولتا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَيْتَهُمَا ما فَتَحَا	کاش کہ نہ کھولتے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَيْتَهُمْ ما فَتَحُوْا	کاش کہ نہ کھولتے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَيْتَهَا ما فَتَحَتْ	کاش کہ نہ کھولتی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَيْتَهُمَا ما فَتَحَتَا	کاش کہ نہ کھولتی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَيْتَهُنَّ ما فَتَحْنَ	کاش کہ نہ کھولتی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب

لَيْتَكَ ما فَتَحْتَ	کاش کہ نہ کھولتا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَيْتَكُمَا ما فَتَحْتُمَا	کاش کہ نہ کھولتے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَيْتَكُمْ ما فَتَحْتُمْ	کاش کہ نہ کھولتے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَيْتَكِ ما فَتَحْتِ	کاش کہ نہ کھولتی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَيْتَكُمَا ما فَتَحْتُمَا	کاش کہ نہ کھولتی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَيْتَكُنَّ ما فَتَحْتُنَّ	کاش کہ نہ کھولتی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَيْتَنِيْ ما فَتَحْتُ	کاس کے نہ کھولتا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَيْتَنَا ما فَتَحْنَا	کاش کے نہ کھولتے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی تمنائی منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَيْتَهٗ ما فُتِحَ	کاش کہ نہ کھولا گیا ہوتا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَيْتَهُمَا ما فُتِحَا	کاش کہ نہ کھولے گئے ہوتے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَيْتَهُمْ ما فُتِحُوْا	کاش کہ نہ کھولے گئے ہوتے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَيْتَهَا ما فُتِحَتْ	کاش کہ نہ کھولی گی ہوتی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَيْتَهُمَا ما فُتِحَتَا	کاش کہ نہ کھولی گئیں ہوتیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَيْتَهُنَّ ما فُتِحْنَ	کاش کہ نہ کھولی گئیں ہوتیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَيْتَكَ ما فُتِحْتَ	کاش کہ نہ کھولا گیا ہوتا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر

لَيْتَكُمَا ما فُتِحْتُمَا	کاش کہ نہ کھولے گئے ہوتے تم دومرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَيْتَكُمْ ما فُتِحْتُمْ	کاش کہ نہ کھولے گئے ہوتے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَيْتَكِ ما فُتِحْتِ	کاش کہ نہ کھولی گئی ہوتی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَيْتَكُمَا ما فُتِحْتُمَا	کاش کہ نہ کھولی گئیں ہوتیں تم دوعورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَيْتَكُنَّ ما فُتِحْتُنَّ	کاش کہ نہ کھولی گئیں ہوتیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَيْتَنِيْ ما فُتِحْتُ	کاش کہ نہ کھولا گیا ہوتا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَيْتَنَا ما فُتِحْنَا	کاش کہ نہ کھولے گئے ہوتے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی استمراری مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَانَ يَفْتَحُ	کھولتا تھا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
كَانَا يَفْتَحَانِ	کھولتے تھے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا يَفْتَحُوْنَ	کھولتے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
كَانَتْ تَفْتَحُ	کھولتی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا تَفْتَحَانِ	کھولتی تھیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ يَفْتَحْنَ	کھولتی تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
كُنْتَ تَفْتَحُ	کھولتا تھا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا تَفْتَحَانِ	کھولتے تھے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر

كُنْتُمْ تَفْتَحُوْنَ	کھولتے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ تَفْتَحِيْنَ	کھولتی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا تَفْتَحَانِ	کھولتی تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
كُنْتُنَّ تَفْتَحْنَ	کھولتی تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ اَفْتَحُ	کھولتا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
كُنَّا نَفْتَحُ	کھولتے تھے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی استمراری مثبت مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَانَ يُفْتَحُ	کھولا جاتا تھا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
كَانَا يُفْتَحَانِ	کھولے جاتے تھے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
كَانُوْا يُفْتَحُوْنَ	کھولے جاتے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
كَانَتْ تُفْتَحُ	کھولی جاتی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
كَانَتَا تُفْتَحَانِ	کھولیں جاتی تھیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
كُنَّ يُفْتَحْنَ	کھولیں جاتی تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
كُنْتَ تُفْتَحُ	کھولا جاتا تھا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
كُنْتُمَا تُفْتَحَانِ	کھولے جاتے تھے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
كُنْتُمْ تُفْتَحُوْنَ	کھولے جاتے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
كُنْتِ تُفْتَحِيْنَ	کھولی جاتی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
كُنْتُمَا تُفْتَحَانِ	کھولیں جاتی تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر

كُنْتُنَّ تُفْتَحْنَ	کھولیں جاتی تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
كُنْتُ اُفْتَحُ	کھولا جاتا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
كُنَّا نُفْتَحُ	کھولے جاتے تھے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل ماضی استمراری منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
ما كَانَ يَفْتَحُ	نہیں کھولتا تھا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
ما كَانَا يَفْتَحَانِ	نہیں کھولتے تھے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
ما كَانُوْا يَفْتَحُوْنَ	نہیں کھولتے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
ما كَانَتْ تَفْتَحُ	نہیں کھولتی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
ما كَانَتَا تَفْتَحَانِ	نہیں کھولتی تھیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
ما كُنَّ يَفْتَحْنَ	نہیں کھولتی تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
ما كُنْتَ تَفْتَحُ	نہیں کھولتا تھا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
ما كُنْتُمَا تَفْتَحَانِ	نہیں کھولتے تھے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
ما كُنْتُمْ تَفْتَحُوْنَ	نہیں کھولتے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
ما كُنْتِ تَفْتَحِيْنَ	نہیں کھولتی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
ما كُنْتُمَا تَفْتَحَانِ	نہیں کھولتی تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
ما كُنْتُنَّ تَفْتَحْنَ	نہیں کھولتی تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
ما كُنْتُ اَفْتَحُ	نہیں کھولتا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
ما كُنَّا نَفْتَحُ	نہیں کھولتے تھے ہم سب (مرد یا	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

	عورت)	

فعل ماضی استمراری منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
ما کَانَ یُفْتَحُ	نہیں کھولا جاتا تھا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
ما کَانَا یُفْتَحَانِ	نہیں کھولے جاتے تھے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
ما کَانُوْا یُفْتَحُوْنَ	نہیں کھولے جاتے تھے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
ما کَانَتْ تُفْتَحُ	نہیں کھولی جاتی تھی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
ما کَانَتَا تُفْتَحَانِ	نہیں کھولیں جاتی تھیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
ما کُنَّ یُفْتَحْنَ	نہیں کھولیں جاتی تھیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
ما کُنْتَ تُفْتَحُ	نہیں کھولا جاتا تھا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
ما کُنْتُمَا تُفْتَحَانِ	نہیں کھولے جاتے تھے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
ما کُنْتُمْ تُفْتَحُوْنَ	نہیں کھولے جاتے تھے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
ما کُنْتِ تَفْتَحِیْنَ	نہیں کھولی جاتی تھی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
ما کُنْتُمَا تُفْتَحَانِ	نہیں کھولیں جاتی تھیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
ما کُنْتُنَّ تُفْتَحْنَ	نہیں کھولیں جاتی تھیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
ما کُنْتُ اُفْتَحُ	نہیں کھولا جاتا تھا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
ما کُنَّا نُفْتَحُ	نہیں کھولے جاتے تھے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

سبق نمبر9۔

فعل مضارع کا بیان

ا۔ فعل مضارع کی تعریف اور بنانے کا طریقہ بیان کیجئے۔

- فعل مضارع کی تعریف:

وہ فعل جو زمانہ حال یا استقبال میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے یَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد)۔

بنانے کا طریقہ:

فعل ماضی کے شروع میں حروف مضارع میں سے کوئی حرف لگا کر فاء کلمہ کو ساکن کرتے ہیں اور عین کلمہ پر باب کے مطابق حرکت (کبھی فتحہ کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ) لاتے ہیں اور آخر میں رفع دیتے ہیں۔ جیسے فَعَلَ سے یَفْعَلُ۔

۲۔ بتائیں علامت مضارع کتنی اور کون کونسی ہیں؟

- علامت مضارع چار ہیں (اَ،ت،ی،ن) ان کا مجموعہ "أَتَيْنَ" ہے

۳۔ ہمزہ، نون، اور یاء، مضارع کے کتنے اور کون کونسے صیغوں میں آتے ہیں؟

- ہمزہ (اَ)۔ صیغہ واحد متکلم کے شروع میں ہوتا ہے۔ جیسے أَضْرِبُ۔

نون (ن)۔ صیغہ جمع متکلم کے شروع میں ہوتا ہے۔ جیسے نَضْرِبُ۔

یاء (ی)۔ چار صیغوں (تین مذکر غائب اور ایک جمع مؤنث غائب) کے شروع میں ہوتی ہے۔ جیسے یَضْرِبُ، یَضْرِبَانِ، یَضْرِبُوْنَ، یَضْرِبْنَ۔

۴۔ تاء مضارع کے کتنے اور کون کونسے صیغوں میں اتی ہیں؟

- تاء (ت)۔۔ آٹھ صیغوں (دو واحد و تثنیہ مؤنث غائب اور چھ مذکر و مونث حاضر) کے شروع میں ہوتی ہے۔

جیسے تَضْرِبُ، تَضْرِبَانِ، تَضْرِبُ، تَضْرِبَانِ، تَضْرِبُوْنَ، تَضْرِبِيْنَ، تَضْرِبَانِ، تَضْرِبْنَ۔

۵۔ مضارع معروف سے مجہول اور مضارع مثبت سے منفی کیسے بناتے ہیں؟

- مجہول مثبت بنانے کے لیے علامت مضارع کو ضمہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں۔ جیسے یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ۔۔ اور منفی بنانے کے لیے ان سے پہلے حرف نفی (مَا یا لَا) بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے یَضْرِبُ، یُضْرَبُ سے لَا یَضْرِبُ، مَا یُضْرَبُ۔

تنبیہ:

ضَرْبٌ (مارنا) مصدر سے مذکورہ بالا گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھئے۔

فعل مضارع مثبت معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ	

يَضْرِبُ	مارتا ہے یامارے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب	
يَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یاماریں گے وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب	
يَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یاماریں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب	
تَضْرِبُ	مارتی ہے یامارے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب	
تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یاماریں گی وہ دوعورتیں	تثنیہ مؤنث غائب	
يَضْرِبْنَ	مارتی ہیں یاماریں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب	
تَضْرِبُ	مارتا ہے یامارے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر	
تَضْرِبَانِ	مارتے ہو یامارو گے تم دومرد	تثنیہ مذکر حاضر	
تَضْرِبُوْنَ	مارتے ہو یامارو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر	
تَضْرِبِيْنَ	مارتی ہے یاماری گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر	
تَضْرِبَانِ	مارتی ہو یامارو گی تم دوعورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر	
تَضْرِبْنَ	مارتی ہو یامارو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر	
اَضْرِبُ	مارتا ہوں یاماروں گا میں ایک (مرد یاعورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)	
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یاماریں گے ہم سب (مرد یاعورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)	

فعل مضارع مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ	
يُضْرَبُ	ماراجاتا ہے یاماراجائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب	
يُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یامارے جائیں گے وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب	
يُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یامارے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب	

تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یاماری جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یاماری جائیں گی وہ دوعورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
یُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یاماری جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
تُضْرَبُ	ماراجاتاہے یاماراجائے گاتوایک مرد	واحد مذکر حاضر
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہویامارے جاؤگے تم دومرد	تثنیہ مذکر حاضر
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہویامارے جاؤگے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
تُضْرَبِیْنَ	ماری جاتی ہے یاماری جائے گی توایک عورت	واحد مؤنث حاضر
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہویاماری جاؤگی تم دوعورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
تُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہویاماری جاؤگی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اُضْرَبُ	ماراجاتاہوں یاماراجاوں گامیں ایک (مردیاعورت)	واحد متکلم (مذکرومؤنث)
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یامارے جائیں گے ہم سب (مردیا عورت)	جمع متکلم (مذکرومؤنث)

فعل مضارع منفی معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لا یَضْرِبُ	نہیں مارتاہے یانہیں مارے گاوہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لا یَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یانہیں ماریں گے وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب
لا یَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہیں یانہیں ماریں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لا تَضْرِبُ	نہیں مارتی ہے یانہیں مارے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہیں یانہیں ماریں گی وہ دوعورتیں	تثنیہ مؤنث غائب

لا يَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	جمع موئنث غائب
لا تَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَا تَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لا تَضْرِبِيْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں ماری گی تو ایک عورت	واحد موئنث حاضر
لا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم دو عورتیں	تثنیہ موئنث حاضر
لا تَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم سب عورتیں	جمع موئنث حاضر
لا اَضْرِبُ	نہیں مارتا ہوں یا نہیں ماروں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و موئنث)
لا نَضْرِبُ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و موئنث)

فعل مضارع منفی مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لا يُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لا يُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لا يُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لا تُضْرَبُ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی وہ ایک عورت	واحد موئنث غائب
لا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ دو	تثنیہ موئنث غائب

	عورتیں		
لا یُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب	
لا تُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر	
لا تُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر	
لا تُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر	
لا تُضْرَبِیْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر	
لا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر	
لا تُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر	
لا اُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)	
لا نُضْرَبُ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)	

سبق نمبر 10

فعل نفی جحد بلم

ا۔ فعل نفی جحد بلم کی تعریف بیان کیجئے۔

- وہ فعل جو بدخول لَمْ زمانہ ماضی میں کسی کام کے نہ ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے: لَمْ یَفْعَلْ (نہیں کیا اس ایک مرد نے)۔

۲۔ فعل نفی جحد بلم بنانے کا کیا طریقہ ہے؟

- بنانے کا طریقہ: مضارع معروف کے شروع میں لفظ "لَمْ" کا اضافہ کرنے سے فعل نفی جَحْد بَلَم معروف بن جاتا ہے۔ جیسے یَضْرِبُ سے لَمْ یَضْرِبْ۔

۳۔ اسے مجہول کس طرح بناتے ہیں؟

- اسے مجہول بنانے کا وہی طریقہ ہے جو مضارع کو مجہول بنانے کا ہے علامت مضارع کو ضمہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں۔

۴۔ لفظ "لَمْ" مضارع پر داخل ہو کر کیا کیا لفظی اور معنوی عمل کرتا ہے؟

- (ا)۔۔ لفظی عمل: مضارع کے اُن پانچ صیغوں کو جزم دیتا ہے جن کے آخر میں ضمہ ہوتا ہے۔ جیسے یفْعَلُ سے لَمْ یفْعَلْ۔ اگر اِن پانچ صیغوں کے آخر میں حرف علت ہو تو اسے بھی گرا دیتا ہے۔ جیسے یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ۔۔ سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ جیسے یفْعَلاَنِ سے لَمْ یفْعَلاَ۔ دو صیغوں (جمع مؤنث غائب و حاضر) میں کوئی عمل نہیں کرتا ۔ جیسے یفْعَلْنَ سے لَمْ یفْعَلْنَ۔
- (۲)۔۔ معنوی عمل: فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔

۵۔ بتائیں "جوازِمِ مضارع" کن حروف کو کہتے ہیں؟

- لَمْ، لَمَّا، لام امر، لائے نہی اور اِنْ شرطیہ کو "جوازم مضارع" کہتے ہیں۔

تنبیہ:

فَتْحٌ (کھولنا) مصدر سے مذکورہ بالا گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط تحریر میں لائیں۔

فعل نفی جحد بلم معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لم یفْتَحْ	نہیں کھولا اس ایک مرد نے	واحد مذکر غائب
لم یفْتَحَا	نہیں کھولا ان دو مردوں نے	تثنیہ مذکر غائب
لم یفْتَحُوْا	نہیں کھولا ان سب مردوں نے	جمع مذکر غائب
لم تَفْتَحْ	نہیں کھولا اس ایک عورت نے	واحد مؤنث غائب
لم تَفْتَحَا	نہیں کھولا ان دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث غائب
لم یفْتَحْنَ	نہیں کھولا ان سب عورتوں نے	جمع مؤنث غائب
لم تَفْتَحْ	نہیں کھولا تو ایک مرد نے	واحد مذکر حاضر
لم تَفْتَحَا	نہیں کھولا تم دو مردوں نے	تثنیہ مذکر حاضر
لم تَفْتَحُوْا	نہیں کھولا تم سب مردوں نے	جمع مذکر حاضر

لم تَفْتَحِیْ	نہیں کھولا تو ایک عورت نے	واحد مؤنث حاضر
لم تَفْتَحَا	نہیں کھولا تم دو عورتوں نے	تثنیہ مؤنث حاضر
لم تَفْتَحْنَ	نہیں کھولا تم سب عورتوں نے	جمع مؤنث حاضر
لم اَفْتَحْ	نہیں کھولا میں ایک (مرد یا عورت) نے	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لم نَفْتَحْ	نہیں کھولا ہم سب (مرد یا عورت) نے	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

فعل نفی جحد بلم مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لم يُفْتَحْ	نہیں کھولا گیا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لم يُفْتَحَا	نہیں کھولے گئے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لم يُفْتَحُوْا	نہیں کھولے گئے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لم تُفْتَحْ	نہیں کھولی گئ وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لم تُفْتَحَا	نہیں کھولی گئیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لم يُفْتَحْنَ	نہیں کھولی گئیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لم تُفْتَحْ	نہیں کھولا گیا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لم تُفْتَحَا	نہیں کھولے گئے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لم تُفْتَحُوْا	نہیں کھولے گئے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لم تُفْتَحِیْ	نہیں کھولی گئ تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لم تُفْتَحَا	نہیں کھولی گئیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لم تُفْتَحْنَ	نہیں کھولی گئیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لم اُفْتَحْ	نہیں کھولا گیا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)

لَم نُفْتَحْ	نہیں کھولے گئے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

سبق نمبر 11

فعل نفی تاکید بلن

۱۔ فعل نفی تاکید بلن کی تعریف بیان کیجئے۔

- وہ فعل جو مستقبل میں کام کے نہ ہونے پر تاکید کے ساتھ دلالت کرے۔ جیسے لَنْ یَّفْعَلَ (ہرگز نہیں کرے گا وہ ایک مرد)۔

۲۔ فعل نفی تاکید بلن کس طرح بناتے ہیں؟

- بنانے کا طریقہ: مضارع معروف کے شروع میں لفظ "لَنْ" کا اضافہ کرنے سے فعل نفی تاکید بلن معروف بن جاتا ہے ۔ جیسے یَضْرِبُ سے لَنْ یَضْرِبَ.

۳۔ لفظ "لَن" مضارع پر داخل ہو کر کیا لفظی اور معنوی عمل کرتا ہے؟

- لفظی عمل: فعل مضارع کے ان پانچ صیغوں کو نصب دیتا ہے جن کے آخر میں ضمہ ہوتا ہے۔ جیسے یفْعَلُ سے لَنْ یَّفْعَلَ.
اگر ان پانچ صیغوں کے آخر میں حرف علت ہو تو اسے نہیں گراتا۔ جیسے یَرْمِیْ سے لَنْ یَّرْمِیَ، یَدْعُوْ سے لَنْ یَدْعُوَ۔
ہاں اگر آخر میں حرف علت الف ہو تو اس کا نصب لفظ میں ظاہر نہیں ہوتا۔ جیسے یَخْشٰی سے لَنْ یَّخْشٰی. سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرادیتا ہے۔ جیسے یفْعَلاَنِ سے لَنْ یَّفْعَلاَ.
- (۲) معنوی عمل: فعل مضارع کو منفی مؤکد کر دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔

۴۔ بتائیں "نواصب مضارع" کسے کہتے ہیں؟

- لَنْ، اَنْ، کَیْ اور اِذَنْ ان چاروں حروف کو "نواصبِ مضارع" کہتے ہیں۔

تنبیہ:

سَمْعٌ (سننا) مصدر سے مذکورہ بالا گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط تحریر فرمائیں۔

فعل نفی تاکید بلن معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَنْ یَّسْمَعَ	ہرگز نہیں سنے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب

لَنْ يَّسْمَعَا	ہر گز نہیں سنیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَنْ يَّسْمَعُوْا	ہر گز نہیں سنیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَنْ تَسْمَعَ	ہر گز نہیں سنے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَنْ تَسْمَعَا	ہر گز نہیں سنیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَنْ يَّسْمَعْنَ	ہر گز نہیں سنیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَنْ تَسْمَعَ	ہر گز نہیں سنے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَنْ تَسْمَعَا	ہر گز نہیں سنو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَنْ تَسْمَعُوْا	ہر گز نہیں سنو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَنْ تَسْمَعِيْ	ہر گز نہیں سنے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَنْ تَسْمَعَا	ہر گز نہیں سنو گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَنْ تَسْمَعْنَ	ہر گز نہیں سنو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَنْ اَسْمَعَ	ہر گز نہیں سنوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَنْ نَسْمَعَ	ہر گز نہیں سنیں گے ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل نفی تاکید بلن مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَنْ يُّسْمَعَ	ہر گز نہیں سنا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَنْ يُّسْمَعَا	ہر گز نہیں سنے جائیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَنْ يُّسْمَعُوْا	ہر گز نہیں سنے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَنْ تُسْمَعَ	ہر گز نہیں سنی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب

لَنْ تُسْمَعا	ہر گز نہیں سنی جائیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَنْ یُّسْمَعْنَ	ہر گز نہیں سنی جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَنْ تُسْمَعَ	ہر گز نہیں سنا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَنْ تُسْمَعا	ہر گز نہیں سنے جاؤ گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَنْ تُسْمَعُوْا	ہر گز نہیں سنے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَنْ تُسْمَعِیْ	ہر گز نہیں سنی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَنْ تُسْمَعا	ہر گز نہیں سنی جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَنْ تُسْمَعْنَ	ہر گز نہیں سنی جاؤ گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَنْ اُسْمَعَ	ہر گز نہیں سنا جاؤں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر مؤنث)
لَنْ نُسْمَعَ	ہر گز نہیں سنے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر مؤنث)

سبق نمبر12۔

نونِ تاکید کا بیان

ا۔نون تاکید کی تعریف اور اس کی قسمیں بیان کیجیے۔

- نون تاکید کی تعریف: وہ نون جو فعل مضارع کے آخر میں آتا ہے اور اس کے معنی میں تاکید پیدا کر دیتا ہے۔ جیسے لَیَضْرِبَنَّ (ضرور ضرور مارے گا وہ ایک مرد)۔

۲۔بتائیں نون خفیفہ اور نون ثقیلہ مضارع کے کتنے اور کون کونسے صیغوں میں آتا ہے؟

- نون ثقیلہ سب صیغوں میں لگتا ہے، اور نون خفیفہ یہ نون فعل مضارع کے چھ صیغوں (چار تثنیہ اور دو جمع مؤنث) کے علاوہ باقی آٹھوں صیغوں کے آخر میں آتا ہے۔

۳۔نون ثقیلہ پر کتنے صیغوں میں فتحہ اور کتنے صیغوں میں کسرہ آتا ہے؟

- نون ثقیلہ پر چھ صیغوں (چاروں تثنیہ، اور دو جمع مؤنث غائب و حاضر) میں "کسرہ" آتا ہے۔ جیسے لَیَضْرِبانِّ، لَیَضْرِبْنَانِّ۔ اور باقی تمام صیغوں میں "فتحہ" آتا ہے۔ جیسے لَیَضْرِبَنَّ، لَتَضْرِبَنَّ.

۴-نون خفیفہ اور نون ثقیلہ کے مضارع پر داخل ہونے کے سبب اس میں کیا کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں؟

- نون ثقیلہ کے فعل مضارع پر داخل ہونے کے سبب اس میں درج ذیل تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں:
- (الف) دو صیغوں (جمع مذکر غائب و حاضر) کے آخر سے واو جمع گر جاتا ہے۔ جیسے یَفْعَلُوْنَ سے لَیَفْعَلُنَّ اور تَفْعَلُوْنَ سے لَتَفْعَلُنَّ۔
- (ب)۔۔ایک صیغہ (واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے "ی" گر جاتی ہے۔ جیسے تَفْعَلِیْنَ سے لَتَفْعَلِنَّ۔
- (ج)۔۔سات صیغوں (چاروں تثنیہ، جمع مذکر غائب و حاضر اور واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔ جیسے یَفْعَلاَنِ سے لَیَفْعَلاَنِّ۔
- (د)۔پانچ مرفوع صیغوں کے آخر میں حرف علت واو یا یاء ہو تو وہ برقرار رہتا ہے اور اگر الف ہو تو وہ یاء سے تبدیل ہو جاتا ہے۔ جیسے یَدْعُوْ سے لَیَدْعُوَنَّ اور یَرْمِیْ سے لَیَرْمِیَنَّ اور یَخْشٰی سے لَیَخْشَیَنَّ.
- (ہ)۔۔۔دو صیغوں (جمع مؤنث غائب و حاضر) کے آخر میں موجود نون ضمیر کے بعد الف کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جیسے یَفْعَلْنَ سے لَیَفْعَلْنَانِّ اور تَفْعَلْنَ سے لَتَفْعَلْنَانِّ۔
- (و)۔۔۔نون تاکید فعل مضارع کے معنی میں تاکید پیدا کرتا اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ جیسے لَیَفْعَلَنَّ (ضرور ضرور کرے گا وہ ایک مرد)
- مضارع کے جن صیغوں میں نون خفیفہ آتا ہے ان میں اس کی وجہ سے وہی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں جو نون ثقیلہ کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

۵-کونسے صیغوں میں نون ثقیلہ وخفیفہ کا ماقبل حرف مفتوح، مکسور، یا ساکن ہوتا ہے؟

- نون ثقیلہ کا ماقبل حرف پانچ مرفوع صیغوں (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب اور واحد و جمع متکلم) میں "مفتوح" ہوتا ہے۔ جیسے لَیَضْرِبَنَّ۔ ایک صیغہ (واحد مؤنث حاضر) میں "مکسور" ہوتا ہے۔ جیسے لَتَضْرِبِنَّ۔ دو صیغوں (جمع مذکر غائب و حاضر) میں "مضموم" ہوتا ہے جیسے لَیَضْرِبُنَّ اور چھ صیغوں (چاروں تثنیہ اور دو جمع مؤنث غائب و حاضر) میں نون ثقیلہ کا ماقبل الف ہوتا ہے جو ہمیشہ "ساکن" ہوتا ہے۔ جیسے لَیَضْرِبانِّ۔
- نون خفیفہ کے ماقبل حرف کی حرکت وہی ہوتی ہے جو نون ثقیلہ کے ماقبل کی ہوتی ہے۔ جیسے لَیَضْرِبَنْ، لَتَضْرِبُنْ، لَتَضْرِبِنْ.

تنبیہ:

فَتْحٌ (کھولنا) مصدر سے مذکور بالا گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف

گردان	ترجمہ	صیغے
لَیَفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب

لَيَفْتَحَانِّ	ضرور ضرور کھولیں گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَيَفْتَحُنَّ	ضرور ضرور کھولیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَتَفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتَفْتَحَانِّ	ضرور ضرور کھولیں گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَيَفْتَحْنَانِّ	ضرور ضرور کھولیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَتَفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَتَفْتَحَانِّ	ضرور ضرور کھولو گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَتَفْتَحُنَّ	ضرور ضرور کھولو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتَفْتَحِنَّ	ضرور ضرور کھولے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَتَفْتَحَانِّ	ضرور ضرور کھولو گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَتَفْتَحْنَانِّ	ضرور ضرور کھولو گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَأَفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَنَفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولے گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ مجہول

گردان	ترجمہ	صیغے
لَيُفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَيُفْتَحَانِّ	ضرور ضرور کھولے جائے گے وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
لَيُفْتَحُنَّ	ضرور ضرور کھولے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب

لَتُفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتُفْتَحانِّ	ضرور ضرور کھولی جائے گی وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
لَیُفْتَحْنَانِّ	ضرور ضرور کھولی جائیں گی وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
لَتُفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَتُفْتَحانِّ	ضرور ضرور کھولے جاؤ گے تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
لَتُفْتَحُنَّ	ضرور ضرور کھولے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتُفْتَحِنَّ	ضرور ضرور کھولی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَتُفْتَحانِّ	ضرور ضرور کھولی جاؤ گی تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
لَتُفْتَحْنَانِّ	ضرور ضرور کھولی جاؤ گی تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
لَاُفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولا جاؤں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لَنُفْتَحَنَّ	ضرور ضرور کھولے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ معروف

گردان	ترجمہ	صیغے
لَیَفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَیَفْتَحُنْ	ضرور ضرور کھولیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَتَفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتَفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر

لَتَفْتَحُنْ	ضرور ضرور کھولو گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتَفْتَحِنْ	ضرور ضرور کھولے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَاَفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولوں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لَنَفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

لام تاکید بانون خفیفہ تاکید مجہول

گردان	ترجمہ	صیغے
لَيُفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولا جائے گا وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
لَيُفْتَحُنْ	ضرور ضرور کھولے جائیں گے وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
لَتُفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولی جائے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
لَتُفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولا جائے گا تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
لَتُفْتَحُنْ	ضرور ضرور کھولے جاؤ گے تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
لَتُفْتَحِنْ	ضرور ضرور کھولی جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَاُفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولا جاؤں گا میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لَنُفْتَحَنْ	ضرور ضرور کھولے جائیں گے ہم سب (مرد یا عورت)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

سبق نمبر 13

فعل امر کا بیان

۱۔فعل امر کی تعریف اور اس کی اقسام بیان فرمائیں۔

- فعل امر کی تعریف: وہ فعل جس کے ذریعہ مخاطب سے کوئی کام طلب کیا جائے۔ جیسے اِفْعَلْ (کر تو ایک مرد)۔

۲۔امر حاضر معروف، امر متکلم معروف اور امر غائب معروف بنانے کا طریقہ بیان کیجئے۔

- (۱)۔۔فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ: مضارع حاضر معروف سے علامت مضارع "تاء" کو حذف کر دیتے ہیں، آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے گرا دیتے ہیں، ورنہ اسے ساکن کر دیتے ہیں۔ جیسے تَقِیُ سے قِ، تَقِیَانِ سے قِیَا، تَضَعُ سے ضَعْ۔ اگر علامت مضارع کے بعد والا حرف (فاء کلمہ) ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ وصلی لائیں گے، پھر اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ وصلی کو ضمہ، ورنہ کسرہ دیتے ہیں۔ جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ، تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ اور تَفْتَحُ سے اِفْتَحْ۔
- (۲)۔۔فعل امر غائب و متکلم معروف بنانے کا طریقہ: مضارع غائب و متکلم معروف کے صیغے سے پہلے لام امر لگادیں گے، آخر میں وہی تبدیلیاں ہوں گی جو امر حاضر معروف میں ہوئی تھیں۔ جیسے یَدْعُوْ سے لِیَدْعُ، یَدْعُوَانِ سے لِیَدْعُوَا، یَضْرِبُ سے لِیَضْرِبْ.

۳۔فعل امر مجہول کس طرح بناتے ہیں؟

- (۱)۔۔فعل امر مجہول بنانے کا طریقہ: فعل مضارع مجہول سے پہلے لام امر لگادیں گے، اور آخر میں وہی تبدیلیاں ہوں گی جو بیان ہو چکیں۔ جیسے یُدْعیٰ سے لِیُدْعَ، یُضْرَبَانِ سے لِیُضْرَبَا۔

۴۔بتائیں کیا فعل امر پر بھی نون ثقیلہ و خفیفہ داخل ہوتے ہیں؟

- فعل امر معروف و مجہول کے آخر میں بھی نون ثقیلہ و خفیفہ لاحق ہوتے ہیں۔

تنبیہ:

ضَرْبٌ (مارنا) مصدر سے مذکورہ بالا تمام گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

فعل امر حاضر معروف

گردان	ترجمہ	صیغہ	
اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر	
اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	
اِضْرِبُوْا	مارو تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر	

اِضْرِبِیْ	مار تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

فعل امر غائب

گردان	ترجمہ	صیغہ
لِیَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لِیَضْرِبُوْا	چاہیے کہ ماریں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لِتَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لِتَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لِیَضْرِبْنَ	چاہیے کہ ماریں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لِاَضْرِبْ	چاہیے کہ ماروں میں ایک (مرد و عورت)	صیغہ واحد متکلم (مرد و عورت)
لِنَضْرِبْ	چاہیے کہ ماریں ہم سب (مرد و عورت)	صیغہ جمع متکلم (مرد و عورت)

فعل امر مجہول

گردان	ترجمہ	صیغہ

لِیُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیُضْرَبَا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لِیُضْرَبُوْا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لِتُضْرَبْ	چاہیے کہ ماری جائے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لِیُضْرَبْنَ	چاہیے کہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لِتُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جائے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ مارے جاؤ تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لِتُضْرَبُوْا	چاہیے کہ مارے جاؤ تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
لِتُضْرَبِیْ	چاہیے کہ ماری جائے تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لِتُضْرَبْنَ	چاہیے کہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

لِاُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جاؤں میں ایک (مرد و عورت)	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لِنُضْرَبْ	چاہیے کہ مارے جائیں ہم سب (مرد و عورت)	صیغہ جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

امر حاضر معلوم بانون تاکید ثقیلہ

گردان	ترجمہ	صیغہ
اِضْرِبَنَّ	ضرور مار تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِضْرِبَانِّ	ضرور مارو تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
اِضْرِبُنَّ	ضرور مارو تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
اِضْرِبِنَّ	ضرور مار تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اِضْرِبَانِّ	ضرور مارو تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اِضْرِبْنَانِّ	ضرور مارو تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

امر غائب معلوم بانون تاکید ثقیلہ

بانون ثقیلہ	ترجمہ	صیغہ
لِیَضْرِبَنَّ	چاہیے کہ ضرور مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیَضْرِبَانِّ	چاہیے کہ ضرور ماریں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب

لِیَضْرِبُنَّ	چاہیے کہ ضرور ماریں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لِتَضْرِبِنَّ	چاہیے کہ ضرور مارے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لِتَضْرِبَانِّ	چاہیے کہ ضرور ماریں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لِیَضْرِبْنَانِّ	چاہیے کہ ضرور ماریں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لِاَضْرِبَنَّ	چاہیے کہ ضرور ماروں میں ایک (مرد و عورت)	صیغہ واحد متکلم (مرد و عورت)
لِنَضْرِبَنَّ	چاہیے کہ ضرور ماریں ہم سب (مرد و عورت)	صیغہ جمع متکلم (مرد و عورت)

سبق نمبر14:

فعل نہی کا بیان

۱۔فعل نہی کی تعریف بیان فرمائیں۔

- فعل نہی کی تعریف:وہ فعل جس کے ذریعہ کسی کو کسی کام سے روکا جائے۔ جیسے لَا تَفْعَلْ (نہ کر تو ایک مرد)

۲:۔فعل نہی معروف اور فعل نہی مجہول بنانے کا طریقہ بیان کیجئے۔

- (۱) فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ : فعل مضارع معروف کے شروع میں "لائے نہی" لگانے سے فعل نہی معروف بن جاتا ہے۔ جیسے تَفْعَلُ سے لاتَفْعَلْ.
- (۲) فعل نہی مجہول بنانے کا طریقہ : فعل مضارع مجہول کے شروع میں لائے نہی لگانے سے فعل نہی مجہول بن جاتا ہے۔ جیسے یُفْعَلُ سے لا یُفْعَلْ.

۳۔لائے نہی فعل مضارع پر داخل ہو کر اس میں کیا لفظی اور معنوی عمل کرتا ہے؟

- لائے نہی کا لفظی عمل:
- (۱)۔لائے نہی فعل مضارع پر داخل ہو کر لفظی عمل وہی کرتا ہے جو لفظ "لَم" کرتا ہے۔یعنی پانچ مرفوع صیغوں کو جزم دیتا ہے۔جیسے تَفْعَلُ سے لا تَفْعَلْ۔ (۲)۔۔اگر ان پانچ صیغوں کے آخر میں حرف علت ہو تو اسے گرادیتا ہے۔جیسے یَدْعُوْ سے لا یَدْعُ۔ (۳)۔۔سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی کو گرادیتا ہے۔جیسے یَفْعَلَانِ سے لا یَفْعَلَا۔ (۴)۔دو صیغوں (جمع مؤنث غائب وحاضر) میں مبنی ہونے کی بناء پر لفظا کوئی عمل نہیں کرتا۔جیسے یَفْعَلْنَ سے لا یَفْعَلْنَ۔
- ۔۔۔۔۔۔لائے نہی کا معنوی عمل:
- فعل مضارع کو مستقبل کے ساتھ خاص کردیتا ہے اور اس میں کسی کام سے روکنے کے معنیٰ پیدا کردیتا ہے۔

۴۔کیا فعل نہی کے آخر میں بھی نون ثقیلہ وخفیفہ لاحق ہوتے ہیں؟

- فعل نہی کے آخر میں بھی نون ثقیلہ وخفیفہ لاحق ہوتے ہیں

تنبیہ:۔

فَتْح مصدر سے مذکورہ بالا تمام گردانیں اپنی کاپی پر تحریر فرمائیں۔؟

فعل نہی معروف

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یَفْتَحْ	نہ کھولے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یَفْتَحَا	نہ کھولیں وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
3	لَا یَفْتَحُوْا	نہ کھولیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
4	لَا تَفْتَحْ	نہ کھولے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
5	لَا تَفْتَحَا	نہ کھولیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
6	لَا یَفْتَحْنَ	نہ کھولیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
7	لَا تَفْتَحْ	نہ کھول تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
8	لَا تَفْتَحَا	نہ کھولو تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
9	لَا تَفْتَحُوْا	نہ کھولو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
10	لَا تَفْتَحِيْ	نہ کھول تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
11	لَا تَفْتَحَا	نہ کھولو تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
12	لَا تَفْتَحْنَ	نہ کھولو تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
13	لَا اَفْتَحْ	نہ کھولوں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
14	لَا نَفْتَحْ	نہ کھولیں ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل نہی مجہول

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یُفْتَحْ	نہ کھولا جائے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یُفْتَحَا	نہ کھولے جائیں وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب
3	لَا یُفْتَحُوْا	نہ کھولیں جائیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
4	لَا تُفْتَحْ	نہ کھولی جائے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
5	لَا تُفْتَحَا	نہ کھولی جائیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
6	لَا یُفْتَحْنَ	نہ کھولی جائیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
7	لَا تُفْتَحْ	نہ کھولا جائے تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
8	لَا تُفْتَحَا	نہ کھولیں جائیں تم دومرد	تثنیہ مذکر حاضر
9	لَا تُفْتَحُوْا	نہ کھولیں جائیں تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
10	لَا تُفْتَحِيْ	نہ کھولی جائے تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
11	لَا تُفْتَحَا	نہ کھولی جائیں تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
12	لَا تُفْتَحْنَ	نہ کھولی جائیں تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
13	لَا أُفْتَحْ	نہ کھولا جاؤں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
14	لَا نُفْتَحْ	:نہ کھولیں جائیں ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل نہی معروف بانون ثقیلہ

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یَفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یَفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولیں وہ دومرد	تثنیہ مذکر غائب
3	لَا یَفْتَحُنَّ	ہر گز نہ کھولیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
4	لَا تَفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
5	لَا تَفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب

6	لَا یَفْتَحْنَانِّ	ہر گز نہ کھولیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
7	لَا تَفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھول تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
8	لَا تَفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولو تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
9	لَا تَفْتَحُنَّ	ہر گز نہ کھولو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
10	لَا تَفْتَحِنَّ	ہر گز نہ کھول تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
11	لَا تَفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولو تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
12	لَا تَفْتَحْنَانِّ:	ہر گز نہ کھولو تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
13	لَأَفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولوں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
14	لَا نَفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولیں ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

فعل نہی مجہول بانون ثقیلہ

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یُفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولا جائے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یُفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولے جائیں وہ دو مرد	تثنیہ مذکر غائب
3	لَا یُفْتَحُنَّ	ہر گز نہ کھولے جائیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
4	لَا تُفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولی جائے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
5	لَا تُفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولی جائیں وہ دو عورتیں	تثنیہ مؤنث غائب
6	لَا یُفْتَحْنَانِّ	ہر گز نہ کھولی جائیں وہ سب عورتیں	جمع مؤنث غائب
7	لَا تُفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولا جائے تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
8	لَا تُفْتَحَانِّ	ہر گز نہ کھولے جاؤ تم دو مرد	تثنیہ مذکر حاضر
9	لَا تُفْتَحُنَّ	ہر گز نہ کھولے جاؤ تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
10	لَا تُفْتَحِنَّ	ہر گز نہ کھولی جائے تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
11	لَا تُفْتَحَانِّ:	ہر گز نہ کھولی جاؤ تم دو عورتیں	تثنیہ مؤنث حاضر
12	لَا تُفْتَحْنَانِّ	ہر گز نہ کھولی جاؤ تم سب عورتیں	جمع مؤنث حاضر
13	لَأُفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولا جاؤں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
14	لَا نُفْتَحَنَّ	ہر گز نہ کھولے جائیں ہم سب	جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

	(مرد یا عورتیں)		

فعل نہی معروف بانون خفیفہ

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یَفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یَفْتَحُنْ	ہرگز نہ کھولیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
3	لَا تَفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
4	لَا تَفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھول تو ایک مرد	واحد مذکر حاضر
5	لَا تَفْتَحُنْ	ہرگز نہ کھولو تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
6	لَا تَفْتَحِنْ	ہرگز نہ کھول تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
7	لَأَ فْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولوں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم
8	لَا نَفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولیں ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم

فعل نہی مجہول بانون خفیفہ

شمار	گردان	ترجمہ	صیغہ
1	لَا یُفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولا جائے وہ ایک مرد	واحد مذکر غائب
2	لَا یُفْتَحُنْ	ہرگز نہ کھولے جائیں وہ سب مرد	جمع مذکر غائب
3	لَا تُفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولی جائے وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب
4	لَا تُفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولا جائے وہ ایک مرد	واحد مذکر حاضر
5	لَا تُفْتَحُنْ	ہرگز نہ کھولے جاؤ تم سب مرد	جمع مذکر حاضر
6	لَا تُفْتَحِنْ	ہرگز نہ کھولی جائے تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
7	لَأُ فْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولا جاؤں میں ایک (مرد یا عورت)	واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
8	لَا نُفْتَحَنْ	ہرگز نہ کھولے جائیں ہم سب (مرد یا عورتیں)	جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

سبق نمبر15:

اسماء مشتقہ کا بیان

۱۔اسم فاعل کی تعریف بیان کیجئے۔

- اسم فاعل کی تعریف: وہ اسم مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل قائم ہو۔جیسے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)۔

۲۔ثلاثی مجرد اور غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ بیان فرمائیں۔

- (۱) ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ: فعل مضارع معروف سے علامت مضارع حذف کرکے فاء کلمے کے بعد الف کا اضافہ کریں، عین کلمہ کو کسرہ دیں اور آخر میں تنوین لگادیں۔ جیسے یَفْعَلُ سے فَاعِلٌ۔
- (۲) غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل بنانے کا طریقہ: مضارع معروف سے علامتِ مضارع حذف کرکے اس کی جگہ میم مضموم لگادیں، آخر کے ماقبل کو کسرہ اور آخر میں تنوین لگادیں۔ جیسے یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ۔

۳۔بتائیں فاعل ذی کذا کسے کہتے ہیں؟

- فَاعِلٌ کا صیغہ نسبت کے لیے بھی آتا ہے۔جیسے: تَامِرٌ (کھجور والا) لَابِنٌ (دودھ والا) اسے "فاعل ذی کذا" کہتے ہیں

۴۔اعداد میں مرتبہ ظاہر کرنے کے لیے کونسا صیغہ ہے؟

- اعداد میں فَاعِلٌ کا صیغہ مرتبہ کے لیے آتا ہے۔جیسے: خَامِسٌ (پانچواں) عَاشِرٌ (دسواں) یعنی جو گنتی میں پانچویں یا دسویں نمبر پر آئے۔

۵۔مرکبات میں مرتبہ ظاہر کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

- مرکبات میں مرتبہ کے لیے پہلے جزء کو اسم فاعل کے وزن پر لاکر دوسرے جزء کو اس کی حالت پر چھوڑ دیتے ہیں۔ جیسے: حَادِیْ عَشَرَ (گیارھواں) ثَانِیْ عَشَرَ (بارھواں) حَادِیْ وَعِشْرُوْنَ (اکیسواں) ثَالِثٌ وَثَلاثُوْنَ (تینتیسواں)۔

تنبیہ:

ضَرْبٌ (مارنا) اور اِنْکَارٌ (انکار کرنا) مصادر سے مذکورہ بالا اوزان پر اسم فاعل کی گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

اسم فاعل از ثلاثی مجرد

گردان	ترجمہ	صیغہ	
ضَارِبٌ	مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر	
ضَارِبَانِ	مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر	

گردان	ترجمہ	صیغہ	
ضَارِبُوْنَ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر سالم	
ضَرَبَةٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرَّابٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرَّبٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرْبٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرَبَاءُ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرْبَانٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضِرَابٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضُرُوْبٌ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
ضَارِبَةٌ	مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث	
ضَارِبَتَانِ	مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث سالم	
ضَارِبَاتٌ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث سالم	
ضَوَارِبُ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر	
ضُرَّبٌ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر	
ضُوَيْرِبٌ	تھوڑا مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر مصغر	
ضُوَيْرِبَةٌ	تھوڑا مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث مصغر	

اسم فاعل از ثلاثی مزید فیہ

گردان	ترجمہ	صیغہ

مُنْكِرٌ	انکار کرنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مُنْكِرَانِ	انکار کرنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مُنْكِرُوْنَ	انکار کرنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مُنْكِرَةٌ	انکار کرنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
مُنْكِرَاتَانِ	انکار کرنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
مُنْكِرَاتٌ	انکار کرنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

سبق نمبر16:

اسم مفعول کا بیان

ا۔اسم مفعول کی تعریف بیان کیجئے۔

- اسم مفعول کی تعریف: وہ اسم مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو۔ جیسے: مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ھوا)۔

۲۔ثلاثی مجرد اور غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا طریقہ بتائیں۔

- (۱) ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا طریقہ: فعل مضارع مجہول سے علامت مضارع حذف کرکے میم مفتوح لگائیں، عین کلمہ کو ضمہ دے کر واوٗ ساکن کا اضافہ کریں اور آخر میں تنوین لگادیں۔ جیسے یُفْعَلُ سے مَفْعُوْلٌ۔
- (۲) غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا طریقہ: فعل مضارع مجہول سے علامت مضارع حذف کرکے میم مضموم لگائیں اور آخر میں تنوین کا اضافہ کردیں۔ جیسے یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔

تنبیہ:

ضَرْبٌ اور اِنْکَارٌ مصادر سے مذکورہ بالا گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں

اسم مفعول از ثلاثی مجرد

گردان	ترجمہ	صیغہ	

مَضْرُوْبٌ	مارا ہوا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مَضْرُوْبَانِ	مارے ہوئے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مَضْرُوْبُوْنَ	مارے ہوئے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مَضْرُوْبَةٌ	ماری ہوئی ایک عورت	صیغہ واحد موئنث
مَضْرُوْبَتَانِ	ماری ہوئی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ موئنث
مَضْرُوْبَاتٌ	ماری ہوئی سب عورتیں	صیغہ جمع موئنث
مَضَارِيْبُ	ماری ہوئی سب عورتیں	صیغہ جمع موئنث مکسر
مُضَيْرِيْبٌ	تھوڑامارا ہواایک مرد	صیغہ واحد مذکر مصغر
مُضَيْرِيْبَةٌ	تھوڑاماری ہوئی ایک عورت	صیغہ واحد موئنث مصغر

اسم مفعول از ثلاثی مزید فیہ

گردان	ترجمہ	صیغہ
مُنْكَرٌ	انکار کرنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مُنْكَرَانِ	انکار کرنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مُنْكَرُوْنَ	انکار کرنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مُنْكَرَةٌ	انکار کرنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
مُنْكَرَاتَانِ	انکار کرنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
مُنْكَرَاتٌ	انکار کرنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

سبق نمبر17:

صفت مشبہ کا بیان

۱۔صفت مشبہ کی تعریف بیان کیجیے۔؟

- صفت مشبہ کی تعریف: وہ اسم جو اس ذات پر دلالت کرتا ہے جو اپنے مصدری معنی سے دائمی طور پر موصوف ہو ۔جیسے: کَرِ یْمٌ (سخی)

۲۔بتائیں صفت مشبہ کا صیغہ مذکر و مؤنث کے لیے کن اوزان پر آتا ہے؟

- ماضی مضموم العین سے مذکر کے لیے "فَعِیْلٌ" کے وزن پر اور مؤنث کے لیے "فَعِیْلَةٌ" کے وزن پر آتا ہے ۔جیسے کَرُمَ سے کَرِ یْمٌ اور کَرِ یْمَةٌ۔ماضی مفتوح العین سے مذکر کے لیے "فَعَلٌ" اور مؤنث کے لیے "فَعَلَةٌ" کے وزن پر آتا ہے ۔ جیسے جَلَسَ سے جَلَسٌ اور جَلَسَةٌ۔ ماضی مکسور العین سے مذکر کے لیے فَعِلٌ ، اَفْعَلُ اور فَعْلَانُ، جبکہ مؤنث کے لیے فَعِلَةٌ،فَعْلَاءُ اور فَعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔جیسے فَرِحَ سے فَرِحٌ،اَفْرَحُ،فَرْحَانٌ اور فَرِحَةٌ،فَرْحَاءُ اور فَرْحٰی۔جب فعل میں خوشی یا غمی کے معنی پائے جائیں تو اس سے مذکر کے لیے "فَعِلٌ" اور مؤنث کے لئے "فَعِلَةٌ" کے وزن پر آتا ہے۔جیسے حَزِنَ سے حَزِنٌ (غمگین مرد) اور حَزِنَة ٌ (غمگین عورت)۔جب فعل میں رنگ یا عیب کے معنی پائے جائیں تو اس سے مذکر کے لیے "أَفْعَلُ" اور مونث کے لیے "فَعْلَآءُ" کے وزن پر آتا ہے ۔ جیسے حَمِرَ سے اَحْمَرُ (سرخ مرد)، حَمْرَآءُ (سرخ عورت)، عَرِجَ سے اَعْرَجُ (لنگڑا مرد)، عَرْجَآءُ (لنگڑی عورت)۔جب فعل میں بھوک ،پیاس یا اس کی ضد کے معنی پائے جائیں تو اس سے صفت مشبہ کا صیغہ مذکر کے لیے "فَعْلَانُ" اور مؤنث کے لیے "فَعْلٰی" کے وزن پر آتا ہے۔جیسے شَبِعَ سے شَبْعَانُ (سیر شدہ مرد)، شَبْعٰی (سیر شدہ عورت)۔

۳۔اسم فاعل اور صفت مشبہ میں کیا فرق ہے؟

- صفت مشبہ کی دلالت دائمی صفت پر ہوتی ہے اور اسم فاعل کی عارضی صفت پر۔
- صفت مشبہ کے صیغے صرف فعل لازم سے اتے ہیں۔جیسے: کَرِ یْمٌ۔اور اسم فاعل کے صیغے فعل لازم اور متعدی دونوں سے اتے ہیں۔جیسے: ذَاهِبٌ، ضَارِبٌ.

تنبیہ:

- صفت مشبہ کے اوزان مع ترجمہ و مثال اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

وزن	مثال	معنی	وزن	مثال	معنی
فَعْلٌ	صَعْبٌ	سخت	فَعُوْلٌ	غَفُوْرٌ	بخشنے والا
فِعْلٌ	صِفْرٌ	خالی	فَعَالٌ	جَبَانٌ	بزدل
فَعَلٌ	حَسَنٌ	نیک	فُعَالٌ	شُجَاعٌ	بہادر

فَعِلٌ	خَشِنٌ	سخت	فُعَّالٌ	بُرَّاقٌ	روشن
فَعُلٌ	نَدُسٌ	عقلمند	فُعَّالٌ	كُبَّارٌ	بہت بڑا
فِعَلٌ	زِئَمٌ	پریشان	فَعْلٰی	عَطْشٰی	پیاسی
فِعِلٌ	بِلِزٌ	بزرگ	فُعْلٰی	حُبْلٰی	حاملہ
فُعَلٌ	حُطَمٌ	بے رحم چرواہا	فَعَلٰی	حَيَدٰی	جلد بدکنے والا گدھا
فُعُلٌ	جُنُبٌ	ناپاک	فَعْلَانُ	عَطْشَانُ	پیاسا
اَفْعَلُ	اَبْيَضُ	سفید	فُعْلَانٌ	عُرْيَانٌ	برہنہ مرد
فَيْعِلٌ	جَيِّدٌ	عمدہ	فَعَلَانٌ	حَيَوَانٌ	جاندار
فَاعِلٌ	كَابِرٌ	سردار	فَعْلَاءُ	حَمْرَاءُ	سرخ عورت
فَعِيْلٌ	رَحِيْمٌ	مہربان			

● صفت مشبہ کی گردان اپنی کاپی پر تحریر فرمائیں۔

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَرِيْمٌ	عزت والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
كَرِيْمَانِ	عزت والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
كَرِيْمُوْنَ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر سالم
كِرَامٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر
كُرُوْمٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر
كُرُمٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر
كُرَمَاءُ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر

كُرْمَانٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
اَكْرَامٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
اَكْرِمَاءُ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
اَكْرِمَةٌ	عزت والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر	
كَرِيْمَةٌ	عزت والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث	
كَرِيْمَتَانِ	عزت والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث	
كَرِيْمَاتٌ	عزت والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث سالم	
كَرَائِمُ	عزت والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر	
كُرَّمٌ	عزت والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر	
كُرَيِّمٌ	تھوڑی عزت والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر مصغر	
كُرَيِّمَةٌ	تھوڑی عزت والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث مصغر	

سبق نمبر18:

اسم تفضیل کا بیان

۱۔اسم تفضیل کی تعریف بیان کریں۔

- اسم تفضیل کی تعریف: وہ اسم مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں کسی کے مقابلے میں مصدری معنی کی زیادتی ہو۔ جیسے بَكْرٌ أَكْبَرُ مِنْ زَيْدٍ (بکر زید سے بڑا ہے) میں "أَكْبَرُ"۔

۲۔اسم تفضیل کی اقسام اور ان کے بنانے کے طریقے بیان فرمائیں۔

- اسم تفضیل کی دو قسمیں ہیں: (۱) اسم تفضیل مذکر (۲) اسم تفضیل مؤنث

(۱) اسم تفضیل مذکر بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع معروف سے علامت مضارع کو حذف کر کے اس کی جگہ ھمزہ مفتوحہ کا اضافہ کریں اور عین کلمہ کو فتحہ دیں۔ جیسے یَفْعَلُ سے أَفْعَلُ۔

(۲)اسم تفضیل مونث بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع سے علامت مضارع کو حذف کریں، فاء کلمہ کو ضمہ دیں اور عین کلمہ کو ساکن کر کے آخر میں علامت تانیث (الف مقصورہ)بڑھادیں۔ جیسے یفْعَلُ سے فُعْلیٰ۔

۳۔اسم تفضیل بنانے کے شرائط بیان کریں۔

- شرائط یہ ہیں:
- (۱)۔۔وہ فعل تام ہو۔ جیسے یَضْرِبُ، لہٰذا فعل ناقص مثلاً یَکُوْنُ، یَصِیْرُ وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں بن سکتا۔(۲)۔ متصرف ہو، لہٰذا فعل جامد مثلاًیَکادُ،نِعْمَ وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں بن سکتا۔
- (۳)۔۔۔مثبت ہو، لہٰذا فعل منفی مثلاً لاَیَضْرِبُ وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں بن سکتا۔
- (۴)۔۔۔معروف ہو، لہٰذا فعل مجہول مثلاًیُضْرَبُ وغیرہ سے اسم تفضیل نہیں بن سکتا۔
- (۵)۔۔اس فعل کا معنی قابل فرق ہو۔یعنی اس میں کمی وزیادتی ہو سکتی ہو، لہٰذا وہ فعل جو قابل فرق نہ ہو، جیسے یَمُوْتُ، یَحْیٰی وغیرہ اس سے اسم تفضیل نہیں بن سکتا۔
- (۶)۔۔۔ثلاثی مجرد ہو۔ لہٰذا ثلاثی مزید فیہ اور رباعی مجرد و مزید فیہ افعال مثلاً یُکْرِمُ، یُدَحْرِجُ، یَتَدَحْرَجُ وغیرہ سے اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں بن سکتا۔
- (۷)۔اس فعل میں رنگ یا ظاہری عیب کے معانی نہ پائے جائیں، لہٰذا وہ فعل جس میں اس طرح کے معانی پائے جائیں مثلاًیَخْضَرُ، یَعْوَرُ وغیرہ اس سے اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں بن سکتا۔
- (۸)۔اس فعل سے صفت مشبہ کا صیغہ اَفْعَلُ یا فَعْلاَنُ کے وزن پر نہ آتا ہو۔ لہٰذا وہ فعل جس سے مذکورہ اوزان پر صفت مشبہ کا صیغہ آتا ہو مثلاًیَخْضَرُ،یَشْبَعُ وغیرہ اس سے اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں بن سکتا۔

۴۔بتائیں جس فعل میں اسم تفضیل بنانے کے کوئی شرط مفقود ہو اس سے اسم تفضیل بن سکتا ہے یا نہیں؟ اگر بن سکتا ہے تو کس طرح؟

- اگر کسی فعل میں اول الذکر پانچ شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو تو اس سے اسم تفضیل اصلاً نہیں بن سکتا، نہ اَفْعَلُ کے وزن پر اور نہ کسی اور طرح۔ اگر آخر الذکر تین شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو تو اس سے اَفْعَلُ کے وزن پر تو اسم تفضیل نہیں بن سکتا، البتہ ایک اور طریقہ سے بنایا جاسکتا ہے۔وہ طریقہ یہ ہے کہ اس فعل کے مصدر کو منصوب ذکر کر کے اس سے پہلے لفظ أَشَدُّ، أَزْ یَدُ یا أَکْبَرُ وغیرہ ذکر کرتے ہیں۔ جیسے أَشَدُّ حُمْرَۃً (دوسرے کی نسبت زیادہ سرخ) أَزْ یَدُ صَمًّا (دوسروں کی نسبت زیادہ بہرا) اَکْبَرُ اِکْرَامًا (دوسروں کی نسبت زیادہ تعظیم کرنے والا)۔

تنبیہ:

ضَرْبٌ مصدر سے مذکورہ بالا وزن پر اسم تفضیل مع ترجمہ وصیغہ اپنی کاپی پر خوش خط تحریر کریں۔

اسم تفضیل کی گردان

صیغہ	ترجمہ	گردان
صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل	زیادہ مارنے والا ایک مرد	اَضْرَبُ
صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل	زیادہ مارنے والے دو مرد	اَضْرَبَانِ
صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل	زیادہ مارنے والے سب مرد	اَضْرَبُوْنَ
صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل	زیادہ مارنے والے سب مرد	اَضَارِبُ
صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل	تھوڑا سا زیادہ مارنے والا ایک مرد	اُضَیْرِبٌ
صیغہ واحد مونث اسم تفضیل	زیادہ مارنے والی ایک عورت	ضُرْبٰی
صیغہ تثنیہ مونث اسم تفضیل	زیادہ مارنے والی دو عورتیں	ضُرْبَیَانِ
صیغہ جمع مونث سالم اسم تفضیل	زیادہ مارنے والی سب عورتیں	ضُرْبَیَاتٌ
صیغہ جمع مونث مکسر اسم تفضیل	زیادہ مارنے والی سب عورتیں	ضُرَبٌ
صیغہ واحد مونث مصغر اسم تفضیل	تھوڑا سا زیادہ مارنے والی ایک عورت	ضُرَیْبٰی

سبق نمبر19:

اسم مبالغہ کا بیان

۱۔اسم مبالغہ کی تعریف اور مثال بیان فرمائیں۔

- اسم مبالغہ کی تعریف: وہ اسم مشتق جو فاعل میں مصدری معنی کی زیادتی پر دلالت کرے۔ جیسے ضَرَّابٌ.

۲۔اسم مبالغہ بنانے کا طریقہ بیان کیجئے۔

- اس کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، اسم فاعل میں مختلف حروف و حرکات و سکنات میں ردوبدل کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے ضَارِبٌ سے ضَرَّابٌ، عَالِمٌ سے عَلاَّمَۃٌ۔ وغیرہ

۳۔کیا اسم مبالغہ میں تذکیر و تانیث کا فرق ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر ہوتا ہے تو کس صورت میں؟

- اسم مبالغہ میں تذکیر و تانیث کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔ جیسے رَجلٌ عَلّامٌ اور اِمْرَاۃٌ عَلّامٌ۔ لیکن کبھی مبالغہ میں مزید زیادتی کے لیے اس کے آخر میں "تاء" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ عَلّامَۃٌ، اِمْرَاۃٌ عَلّامَۃٌ۔ یہ "تاء" "تانیث" کی نہیں ہوتی۔ اور جب فَعِیْلٌ بمعنی فَاعِلٌ، اور فَعُوْلٌ بمعنی مَفْعُوْلٌ ہو تو تذکیر و تانیث میں فرق کیا جائے گا یعنی مذکر کے لیے مذکر اور مؤنث کے لیے مؤنث لایا جائے گا۔ جیسے ھُوَ عَلِیْمٌ، ھِیَ عَلِیْمَۃٌ، ھُوْ رَسُوْلٌ.

۴۔ کیا ثلاثی مزید فیہ سے بھی اسم مبالغہ آتا ہے؟

- ثلاثی مزید فیہ میں اس کا استعمال بہت کم ہے۔ فعیل، فعول بھی اسم مبالغہ کے اوزان ہیں

تنبیہ:

اسم مبالغہ کے مذکورہ بالا اوزان امثلہ و معانی کے ساتھ اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

وزن	مثال	معنی	وزن	مثال	معنی
فَعِلٌ	حَذِرٌ	بہت ڈرنے والا	فَعِیْلٌ	رَحِیْمٌ	بہت رحم والا
فَعُوْلٌ	اَکُوْلٌ	بہت کھانے والا	فَعَّالٌ	قَطَّاعٌ	بہت کاٹنے والا
فُعَّالٌ	کُبَّارٌ	بہت بڑا	مِفْعَلٌ	مِجْزَمٌ	بہت کاٹنے والا
مِفْعَالٌ	مِنْعَامٌ	بہت انعام دینے والا	مِفْعِیْلٌ	مِسْکِیْنٌ	جس کے پاس کچھ نہ ہو
فِعِّیْلٌ	صِدِّیْقٌ	بہت سچا	فُعَلَۃٌ	ضُحَکَۃٌ	بہت ہنسنے والا
فُعَّلٌ	قُلَّبٌ	بہت پلٹنے والا	فَعَّالَۃٌ	عَلّامَۃٌ	بہت جاننے والا
فَعُوْلَۃٌ	حَذُوْقَۃٌ	بہت مہارت والا	فَاعُوْلٌ	فَارُوْقٌ	بہت فرق کرنے والا
فُعَالٌ	عُجَابٌ	بہت عجیب	فُعُّوْلٌ	قُدُّوْسٌ	بہت پاک

سبق نمبر20:

اسم آلہ کا بیان

۱۔ اسم آلہ کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں۔

- اسم آلہ کی تعریف: وہ اسم جو اس شے پر دلالت کرے جس کے ذریعے فعل واقع ہو۔ جیسے مِفْعَلٌ (کرنے کا ایک آلہ)۔

۲۔اسم آلہ بنانے کے طریقے بیان کیجئے۔

- اسم آلہ کی تین اقسام ہیں
- :(۱)۔۔۔اسم آلہ صغریٰ:وہ جو کام کرنے کے چھوٹے آلے پر دلالت کرے۔
- (۲)۔۔اسم آلہ وسطیٰ:وہ جو کام کرنے کے درمیانے آلے پر دلالت کرے۔
- (۳)۔۔۔اسم آلہ کبریٰ:وہ جو کام کرنے کے بڑے آلے پر دلالت کرے۔
- (۱)اسم آلہ صغریٰ بنانے کا طریقہ: فعل مضارع سے علامت مضارع حذف کرکے اس کی جگہ علامتِ اسم آلہ (میم مکسور) کا اضافہ کریں، عین کلمہ کو فتحہ دیں اور آخر میں تنوین لگادیں۔ جیسے یَضْرِبُ سے مِضْرَبٌ (مارنے کا ایک چھوٹا آلہ)۔
- (۲)اسم آلہ وسطیٰ بنانے کا طریقہ: اسم آلہ صغریٰ کے آخر میں فتحہ دیکر گول تاء (ۃ) بڑھادیں۔ جیسے مِضْرَبٌ سے مِضْرَبَۃٌ (مارنے کا ایک درمیانہ آلہ)۔
- (۳)اسم آلہ کبریٰ بنانے کا طریقہ: اسم آلہ صغریٰ کے لام کلمہ سے قبل علامت اسم آلہ کبریٰ (الف) کا اضافہ کریں ۔جیسے مِضْرَبٌ سے مِضْرَابٌ (مارنے کا ایک بڑا آلہ)۔

۳۔بتائیں اسم آلہ کے کتنے اور کون کونسے اوزان ہیں؟

- اسم آلہ کے تین اوزان ہیں: (۱)مِفْعَلٌ، (۲)مِفْعَلَۃٌ، (۳)مِفْعَالٌ۔ اور کبھی اسم آلہ فَاعَلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے۔

۴۔کیا غیر ثلاثی مجرد افعال سے بھی اسم آلہ کا معنیٰ لیا جاسکتا ہے؟ اگر ہاں تو کس طرح؟۔

- اگر غیر ثلاثی مجرد فعل (ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد و مزید فیہ) سے اسم آلہ کا معنیٰ لینا مقصود ہو تو اس فعل کے مصدر کو الف لام کے ساتھ مرفوع لاکر اس سے پہلے "مَا بِہٖ" کا اضافہ کریں گے۔ جیسے مَابِہِ الْاِسْتِنْصَارُ (مدد طلب کرنے کا آلہ)

تنبیہ:

غَسْلٌ (دھونا) مصدر سے مذکورہ بالا اوزان پر اسم آلہ کی گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط تحریر فرمائیں۔

(۱)اسم آلہ صغری کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِغْسَلٌ	دھونے کا ایک چھوٹا آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ صغری
مِغْسَلَانِ	دھونے کے دو چھوٹے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغری
مَغَاسِلُ	دھونے کے بہت سے چھوٹے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ صغری
مُغَيْسِلٌ	تھوڑا دھونے کا ایک چھوٹا آلہ	صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغری

(۲)اسم آلہ وسطی کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِغْسَلَۃٌ	دھونے کا ایک درمیانہ آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ وسطی

مِغْسَلَتَانِ	دھونے کے دو درمیانے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ
مَغَاسِلُ	دھونے کے بہت سے درمیانے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ
مُغَيْسِلَةٌ	تھوڑا دھونے کا ایک درمیانہ آلہ	صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ

(۳)۔اسم آلہ کبری کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِغْسَالٌ	دھونے کا ایک بڑا آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ
مِغْسَالَانِ	دھونے کے دو بڑے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ
مَغَاسِيْلُ	دھونے کے بہت سے بڑے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ
مُغَيْسِيْلٌ	تھوڑا دھونے کا ایک بڑا آلہ	صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ
مُغَيْسِيْلَةٌ	تھوڑا دھونے کا ایک بڑا آلہ	صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ

سبق نمبر 21

اسم ظرف کا بیان

۱:۔اسم ظرف کی تعریف بیان کیجئے۔

- اسم ظرف کی تعریف:

وہ اسم جو کسی کام کے واقع ہونے کی جگہ یا وقت پر دلالت کرے۔ جیسے مَضرِبٌ (مارنے کی جگہ یا وقت)

۲:۔اسم ظرف بنانے کا طریقہ بیان فرمائیں۔

اسم ظرف بنانے کا طریقہ:

(ا)۔۔ فعل مضارع سے علامت مضارع حذف کرکے اس کی جگہ علامتِ اسم ظرف (میم مفتوح) کا اضافہ کریں، لام کلمہ پر تنوین لگائیں، پھر اگر:

(الف) فعل مضارع مفتوح العین، مضموم العین یا ناقص ہو تو عین کلمہ کو فتحہ دیں گے۔ جیسے يَجْمَعُ سے مَجْمَعٌ، يَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ اور يَدْعُو سے مَدْعىً.

(ب) فعل مضارع مکسور العین یا مثال یا مضاعف مکسور العین ہو تو عین کلمہ کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: يَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ، يَقِفُ سے مَوْقِفٌ، اور يَحِلُّ سے مَحِلٌّ.

۳:۔اسم ظرف کتنے اور کون کونسے اوزان پر آتا ہے؟

- ثلاثی مجرد سے اسم ظرف دووزن پر آتا ہے۔(۱)مَفْعَلٌ اور(۲)مَفْعِلٌ.
- کبھی شئی کی کثرت پر دلالت کرنے کے لیے اسم ظرف مَفْعَلَۃٌ کے وزن پر بھی آتا ہے۔جیسے مَکْتَبَۃٌ (کثیر کتابوں کا مرکز)مَقْبَرَۃٌ(قبرستان)مَأسَدَۃٌ(شیروں کا اکھاڑا)
- غیر ثلاثی مجرد افعال سے اسم ظرف اسی طرح بنتا ہے جس طرح ان سے اسم مفعول بنتا ہے۔

۴:۔کیا اسم ظرف خلاف قیاس بھی آتے ہیں؟اگر آتے ہیں تو وہ کونسے ہیں؟

درج ذیل بارہ مقامات ایسے ہیں جہاں مضارع مضموم العین سے اسم ظرف خلاف قیاس مکسور العین بھی آتا ہے۔

1. مَسْجِدٌ سجدہ کرنے کی جگہ
2. مَجْزِرٌ اونٹ ذبح کرنے کی جگہ
3. مَشْرِقٌ آفتاب نکلنے کی جگہ
4. مَنْخِرٌ سانس نکلنے کی جگہ
5. مَغْرِبٌ سورج غروب ہونے کی جگہ
6. مَسْکِنٌ رہنے کی جگہ
7. مَنْسِكٌ قربان گاہ
8. مَنْبِتٌ اگنے کی جگہ
9. مَسْقِطٌ گرنے کی جگہ
10. مَفْرِقٌ مانگ
11. مَطْلِعٌ سورج طلوع ہونے کی جگہ
12. مَرْفِقٌ کہنی رکھنے کی جگہ

تنبیہ:

ضَرْبٌ مصدر سے مذکورہ بالا اوزان پر اسم ظرف کی گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط تحریر فرمائیں۔

اسم ظرف

گردان	ترجمہ	صیغہ
مَضْرِبٌ	مارنے کی ایک جگہ	صیغہ واحد مذکر اسم ظرف
مَضْرِبَانِ	مارنے کی دو جگہیں	صیغہ تثنیہ مذکر اسم ظرف
مَضَارِبُ	مارنے کی سب جگہیں	صیغہ جمع مذکر اسم ظرف

مُضَيْرِبٌ	تھوڑا مارنے کی ایک جگہ یا ایک وقت	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم ظرف

سبق نمبر22۔

فعل تعجب کا بیان

۱۔فعل تعجب کی تعریف بیان کیجئے۔

- فعل تعجب کی تعریف:

وہ فعل جو کسی چیز پر تعجب کے اظہار کے لیے وضع کیا گیا ہو۔مَا اَحْسَنَه،(وہ کتنا حسین ہے)

۲۔فعل تعجب کے کتنے اوزان ہیں؟ نیز اس کے بنانے کے طریقے بیان فرمائیں۔

- ثلاثی مجرد سے فعل تعجب کے تین اوزان ہیں:(۱)مَا أَفْعَلَهٗ(۲)أَفْعِلْ بِه، (۳)فَعُلَ

بنانے کے طریقے۔

(۱) فعل مضارع سے علامت مضارع حذف کر کے اس کی جگہ ہمزہ مفتوحہ اور اس سے پہلے "ما تعجبیہ" کا اضافہ کریں، عین اور لام کلمہ کو فتحہ دے کر آخر میں ضمیر یا اسم ظاہر منصوب بڑھا دیں۔جیسے یَفْعَلُ سے مَا أَفْعَلَهٗ. یا مَا اَفْعَلَ زَ یْداً.

(۲) فعل مضارع سے علامت مضارع کو حذف کر کے اس کی جگہ ہمزہ مفتوحہ کا اضافہ کریں، عین کلمہ کو کسرہ دیکر لام کلمہ کو ساکن کر دیں اور آخر میں حرف جر (ب) کے ساتھ ضمیر یا اسم ظاہر مجرور لے آئیں۔ جیسے یَفْعَلُ سے أَفْعِلْ بِه، أَفْعِلْ بِزَيْدٍ.

(۳) فعل مضارع سے علامت مضارع حذف کر کے فاء کلمہ کو فتحہ، عین کلمہ کو ضمہ اور لام کلمہ کو فتحہ دیدیجئے۔ جیسے یَفْعَلُ سے فَعُلَ.

سبق نمبر23۔

مصدر کا بیان

۱۔مصدر کی تعریف بیان کیجئے

- مصدر کی تعریف:

وہ اسم جس سے دوسرے کلمات بنیں اور وہ خود کسی سے نہ بنا ہو۔جیسے ضَرْبٌ (مارنا)

۲۔مصدر کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان فرمائیں۔

- اس کی دو قسمیں ہیں:(۱) قیاسی (۲) سماعی۔

(۱)۔۔۔۔۔۔قیاسی:

وہ مصادر جن کا کوئی خاص وزن مقرر ہو۔ جیسے اِکْرَامٌ، تَرْجَمَةٌ وغیرہ

(۲)۔۔۔۔۔۔سماعی:

وہ مصادر جن کا کوئی خاص وزن مقرر نہ ہو۔ جیسے مَنْقَبَةٌ، مَمْلُكَةٌ وغیرہ۔

۳۔بتائیں فَعْلَةٌ، فِعْلَةٌ اور فُعْلَةٌ کے اوزان کیا بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں؟

- ثلاثی مجرد سے فَعْلَةٌ کا وزن "مَرَّة" (کسی فعل کا ایک مرتبہ ہونا) کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جَلْسَةٌ (ایک مرتبہ بیٹھنا). فِعْلَةٌ کا وزن نوع (فعل کی کوئی خاص قسم) بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے قِسْمَةٌ (کوئی خاص قسم کی تقسیم کرنا) فُعْلَةٌ کا وزن مقدار بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے لُقْمَةٌ (کھانے کی تھوڑی سی مقدار کھانا)

۴۔مصدر میمی کے تعریف بیان کیجئے؟

- باب مفاعلہ کے علاوہ جس مصدر کے شروع میں میم زائدہ ہو اسے "مصدر میمی" کہتے ہیں۔ جیسے مَنْطِقٌ (بولنا)

۵۔بتائیں کن افعال سے مصدر میمی کن اوزان پر آتا ہے؟

- اس کے تین اوزان ہیں:

(۱)۔۔۔۔۔۔ثلاثی مجرد صحیح افعال کا مصدر میمی مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مَرْجَعٌ (لوٹنا)

(۲)۔۔۔۔۔۔مثال واوی کا مصدر میمی مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مَوْضِعٌ (رکھنا)

(۳)۔۔۔۔۔۔غیر ثلاثی افعال کا مصدر میمی اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مُكْرَمٌ (عزت کرنا)

سبق نمبر24۔

گردان اور اس کی اقسام کا بیان

۱۔۔گردان کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کیجئے۔

- اسم یا فعل کے کسی صیغہ کو مختلف صیغوں کی طرف پھیرنا، اسے عربی میں صرف یا تصریف بھی کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:(۱) صرف صغیر (۲) صرف کبیر۔

۲۔صرف صغیر اور صرف کبیر کی تعریفیں بیان فرمائیں۔

- صرف صغیر

کسی کلمہ کو اس کے بعض صیغوں کی طرف پھیرنا۔

- صرف کبیر:

کسی کلمہ کو اس کے تمام صیغوں کی طرف پھیرنا۔

تنبیہ:

مذکورہ بالا تمام گردانیں اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں:

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ (مارنا)

- ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا، فَهُوَ ضَارِبٌ، وَضُرِبَ یُضْرَبُ ضَرْبًا، فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ، لَمْ یَضْرِبْ لَمْ یُضْرَبْ، لایَضْرِبُ لایُضْرَبُ، لَنْ یَّضْرِبَ لَنْ یُّضْرَبَ . الامر منه: اِضْرِبْ لِتُضْرَبْ، لِیَضْرِبْ لِیُضْرَبْ . والنهی عنه: لا تَضْرِبْ لا تُضْرَبْ، لایَضْرِبْ لایُضْرَبْ . والظرف منه: مَضْرِبٌ مَضْرِبَانِ مَضَارِبُ وَمُضَیْرِبٌ . والالة منه: مِضْرَبٌ مِضْرَبَانِ مَضَارِبُ وَمُضَیْرِبٌ، مِضْرَبَةٌ مِضْرَبَتَانِ مَضَارِبُ وَ مُضَیْرِبَةٌ، مِضْرَابٌ مِضْرَابَانِ مَضَارِیْبُ، وَمُضَیْرِیْبٌ وَمُضَیْرِیْبَةٌ . افعل التفضیل المذکر منه: أَضْرَبُ أَضْرَبَانِ أَضْرَبُوْنَ أَضَارِبُ وَأُضَیْرِبٌ . والمؤنث منه: ضُرْبٰی ضُرْبَیَانِ ضُرْبَیَاتٌ ضُرَبٌ وَضُرَیْبٰی . والتعجب منه: مَاأَضْرَبَهٗ وَأَضْرِبْ بِهٖ وَضَرُبَ، .
-

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب نَصَرَ یَنْصُرُ (مدد کرنا)

- نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا، فَهُوَ نَاصِرٌ، ونُصِرَ یُنْصَرُ نَصْرًا، فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ، لَمْ یَنْصُرْ، لَمْ یُنْصَرْ، لایَنْصُرُ لایُنْصَرُ، لَنْ یَّنْصُرَ لَنْ یُّنْصَرَ، لَیَنْصُرَنَّ لَیُنْصَرَنَّ، لَیَنْصُرَنْ لَیُنْصَرَنْ . الامرُ مِنْهُ: اُنْصُرْ لِتُنْصَرْ، لِیَنْصُرْ لِیُنْصَرْ . والنهی عنه: لاتَنْصُرْ لاتُنْصَرْ، لایَنْصُرْ لایُنْصَرْ . والظرف منه: مَنْصَرٌ مَنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَ مُنَیْصِرٌ . والاٰلة منه: مِنْصَرٌ مِنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَیْصِرٌ، مِنْصَرَةٌ مِنْصَرَتَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَیْصِرَةٌ ، مِنْصَارٌ مِنْصَارَانِ مَنَاصِیْرُ وَمُنَیْصِیْرٌ وَمُنَیْصِیْرَةٌ . اَفْعَلُ التفضیل المذکر منه: أَنْصَرُ أَنْصَرَانِ أَنْصَرُوْنَ أَنَاصِرُ وَأُنَیْصِرٌ . والمؤنث منه،: نُصْرٰی نُصْرَیَانِ نُصْرَیَاتٌ نُصَرٌ وَنُصَیْرٰی . فعل التعجب منه: مَاأَنْصَرَهٗ، وَأَنْصِرْ بِهٖ، وَنَصُرَ .

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب سَمِعَ یَسْمَعُ (سننا)

- سَمِعَ یَسْمَعُ سَمْعًا، فَهُوَسَامِعٌ، وَسُمِعَ یُسْمَعُ سَمْعًا، فَذَاكَ مَسْمُوْعٌ، لَمْ یَسْمَعْ لَمْ یُسْمَعْ، لایَسْمَعُ لایُسْمَعُ، لَنْ یَّسْمَعَ لَنْ یُّسْمَعَ، لَیَسْمَعَنَّ لَیُسْمَعَنَّ، لَیَسْمَعَنْ لَیُسْمَعَنْ . الامر منه: اِسْمَعْ لِتُسْمَعْ، لِیَسْمَعْ لِیُسْمَعْ . والنهی عنه: لاتَسْمَعْ لاتُسْمَعْ، لایَسْمَعْ لایُسْمَعْ . والظرف منه: مَسْمَعٌ مَسْمَعَانِ مَسَامِعُ وَمُسَیْمِعٌ . والاٰلة منه: مِسْمَعٌ مِسْمَعَانِ مَسَامِعُ وَمُسَیْمِعٌ، مِسْمَعَةٌ مِسْمَعَتَانِ مَسَامِعُ وَ مُسَیْمِعَةٌ، مِسْمَاعٌ مِسْمَاعَانِ مَسَامِیْعُ وَمُسَیْمِیْعٌ وَمُسَیْمِیْعَةٌ . افعل التفضیل المذکر منه: أَسْمَعُ أَسْمَعَانِ أَسْمَعُوْنَ أَسَامِعُ وَأُسَیْمِعٌ . والمؤنث منه: سُمْعٰی سُمْعَیَانِ سُمْعَیَاتٌ سُمَعٌ وَسُمَیْعٰی . فعل التعجب منه: مَاأَسْمَعَهٗ، وَأَسْمِعْ بِهٖ، وَسَمُعَ .

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب فَتَحَ یَفْتَحُ (کھولنا)

- فَتَحَ یَفْتَحُ فَتْحًا، فَهُوَفَاتِحٌ، وَفُتِحَ یُفْتَحُ فَتْحًا، فَذَاكَ مَفْتُوْحٌ، لَمْ یَفْتَحْ لَمْ یُفْتَحْ، لایَفْتَحُ لایُفْتَحُ، لَنْ یَّفْتَحَ لَنْ یُّفْتَحَ، لَیَفْتَحَنَّ لَیُفْتَحَنَّ، لَیَفْتَحَنْ لَیُفْتَحَنْ . الامر منه: اِفْتَحْ لِتُفْتَحْ، لِیَفْتَحْ لِیُفْتَحْ . والنهی

عنه: لاتَفْتَحْ لاتُفْتَحْ، لايَفْتَحْ لايُفْتَحْ . والظرف منه: مَفْتَحٌ مَفْتَحَانِ مَفَاتِحُ وَمُفَيْتِحٌ . والاٰلة منه: مِفْتَحٌ مِفْتَحَانِ مَفَاتِحُ وَمُفَيْتِحٌ، مِفْتَحَةٌ مِفْتَحَتَانِ مَفَاتِحُ وَمُفَيْتِحَةٌ، مِفْتَاحٌ مِفْتَاحَانِ مَفَاتِيْحُ وَمُفَيْتِيْحٌ وَمُفَيْتِيْحَةٌ . افعل التفضيل المذكر منه: أَفْتَحُ أَفْتَحَانِ أَفْتَحُوْنَ أَفَاتِحُ وَأُفَيْتِحٌ . والمؤنث منه: فُتْحٰى فُتْحَيَانِ فُتْحَيَاتٌ فُتَحٌ وَفُتَيْحٰى . فعل التعجب منه: مَاأَفْتَحَه،، وَأَفْتِحْ بِهٖ، وَفَتُحَ .

●

● صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب کَرُمَ یَکْرُمُ (عزت والا ہونا)

● كَرُمَ يَكْرُمُ كَرَامَةً، فَهُوَكَرِ يْمٌ، وَكُرِمَ بِهٖ يُكْرَمُ بِهٖ كَرَامَةً، فَذَاكَ مَكْرُوْمٌ بِهٖ، لَمْ يَكْرُمْ لَمْ يُكْرَمْ بِهٖ، لايَكْرُمُ لايُكْرَمُ بِهٖ، لَنْ يَّكْرُمَ لَنْ يُّكْرَمَ بِهٖ، لَيَكْرُمَنَّ لَيُكْرَمَنَّ بِهٖ، لَيَكْرُمَنْ لَيُكْرَمَنْ بِهٖ . الامر منه: أُكْرُمْ لِيُكْرَمْ بِكَ، لِيَكْرُمْ لِيُكْرَمْ بِهٖ . والنهى عنه: لاتَكْرُمْ لايُكْرَمْ بِكَ، لايَكْرُمْ لايُكْرَمْ بِهٖ . والظرف منه: مَكْرَمٌ مَكْرَمَانِ مَكَارِمُ وَمُكَيْرِمٌ . والاٰلة منه: مِكْرَمٌ مِكْرَمَانِ مَكَارِمُ وَمُكَيْرِمٌ، مِكْرَمَةٌ مِكْرَمَتَانِ مَكَارِمُ وَ مُكَيْرِمَةٌ، مِكْرَامٌ مِكْرَامَانِ مَكَارِ يْمُ وَمُكَيْرِيْمٌ وَمُكَيْرِيْمَةٌ . افعل التفضيل المذكر منه: أَكْرَمُ أَكْرَمَانِ أَكْرَمُوْنَ أَكَارِمُ وَأُكَيْرِمٌ . والمؤنث منه: كُرْمٰى كُرْمَيَانِ كُرْمَيَاتٌ كُرَمٌ وَكُرَيْمٰى . فعل التعجب منه: مَا أَكْرَمَهٗ، وَأَكْرِمْ بِهٖ، وَكَرُمَ .

●

● صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب حَسِبَ یَحْسِبُ (گمان کرنا)

● حَسِبَ يَحْسِبُ حِسْبَاناً، فَهُوَ حَاسِبٌ، وَحُسِبَ يُحْسَبُ حِسْبَاناً، فَذَاكَ مَحْسُوْبٌ، لَمْ يَحْسِبْ لَمْ يُحْسَبْ، لاَ يَحْسِبُ لاَ يُحْسَبُ، لَنْ يَّحْسِبَ لَنْ يُّحْسَبَ . الأمر منه: اِحْسِبْ لِتُحْسَبْ، لِيَحْسِبْ لِيُحْسَبْ . والنهى عنه : لاَ تَحْسِبْ لاَ تُحْسَبْ، لاَ يَحْسِبْ لاَ يُحْسَبْ . والظرف منه مَحْسَبٌ مَحْسَبَانِ مَحَاسِبُ وَمُحَيْسِبٌ . والالة منه: مِحْسَبٌ مِحْسَبَانِ مَحَاسِبُ وَمُحَيْسِبٌ، مِحْسَبَةٌ مِحْسَبَتَانِ مَحَاسِبُ وَمُحَيْسِبَةٌ، مِحْسَابٌ مِحْسَابَانِ مَحَاسِيْبُ مُحَيْسِيْبٌ وَ مُحَيْسِيْبَةٌ. افعل التفضيل المذكر منه: اَحْسَبُ اَحْسَبَانِ اَحْسَبُوْنَ اَحَاسِبُ وَ اُحَيْسِبٌ . والمؤنث منه: حُسْبٰى حُسْبَيَانِ حُسْبَيَاتٌ حُسَبُ وَحُسَيْبٰى . فعل التعجب منه: مَا اَحْسَبَهٗ وَاَحْسِبْ بِهٖ وَ حَسُبَ

سبق نمبر25۔

ہمزہ کا بیان

ا۔ ہمزہ اصلیہ اور ہمزہ زائدہ کی تعریفیں اور ان کی مثالیں بیان کیجئے۔

● ہمزہ اصلیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ جو میزان کے (فاء، عین یالام) کلمہ کے مقابلے میں آئے۔ جیسے: اَخَذَ کا ہمزہ۔

ہمزہ زائدہ کی تعریف:

وہ ہمزہ جو میزان کے فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلے میں نہ آئے۔ جیسے: أَكْرَمَ کا ہمزہ۔

۲ ۔ہمزہ قطعیہ اور ہمزہ وصلیہ کی تعریفات مع امثلہ بیان فرمائیں۔

- ۔ہمزہ قطعیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ زائدہ جو وصل کلام (ملا کر پڑھنے کی صورت) میں نہ گرے۔ جیسے: أَحْمَدُ کا ہمزہ۔

- ھمزہ وصلیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ زائدہ جو وصل کلام میں گر جائے۔ جیسے : اِسْمٌ کا ہمزہ۔

۳:۔ بتائیں کن اسماء، افعال اور حروف میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے؟

درج ذیل اسماء میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے:

(۱)اسم تفضیل۔ جیسے: أَفْعَلُ۔(۲)اَعلام۔ جیسے: اِسْحٰقُ. (۳)جمع۔ جیسے: أَشْرَافٌ. (٤)باب اِفعال کا مصدر۔ جیسے: اِكْرَامٌ .

(۲)درج ذیل افعال میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے:

(۱)فعل تعجب۔ جیسے مَاأَفْعَلَهٗ أَفْعِلْ بِهٖ ۔(۲)فعل مضارع واحد متکلم۔ جیسے أَضْرِبُ (۳)باب افعال کا فعل ماضی۔ جیسے اَكْرَمَ۔(۴)باب افعال کا فعل امر حاضر جیسے أَكْرِمْ .

(۳)۔۔درج ذیل حروف میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے:

حرف تعریف (اَلْ) کے علاوہ باقی تمام حروف کا ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے۔ جیسے: اِنَّ .

۴:۔ ہمزہ وصلیہ کن اسماء، افعال اور حروف میں پایا جاتا ہے؟

درج ذیل اسماء میں ہمزہ وصلیہ ہوتا ہے:

(۱)اِفْتِعَالٌ۔(۲)اِسْتِفْعَالٌ۔(۳)اِنْفِعَالٌ۔(۴)اِفْعِلَالٌ۔(۵)اِفْعِيْلَالٌ۔(۶)اِفْعِيْعَالٌ۔(۷)اِفْعِوَّالٌ۔(۸)اِفَّعُّلٌ. (۹)اِفَّاعُلٌ۔(۱۰)اِفْعِنْلَالٌ(۱۱)اِبْنٌ۔(۱۲)اِبْنَةٌ۔(۱۳)اِسْمٌ۔(۱۴)اِثْنَانِ۔(۱۵)اِثْنَتَانِ ۔(۱۶)اِمْرُءٌ(۱۷)اِمْرَأَةٌ درج ذیل افعال میں ہمزہ وصلیہ ہوتا ہے: ان مصادر کے افعال جن میں ہمزہ وصلیہ ہوتا ہے۔ جیسے اِفْتَعَلَ وغیرہ (۲)باب اِفعال کے علاوہ تمام اَفعال کا فعل امر۔ جیسے اِضْرِبْ وغیرہ۔(۳)۔۔ہمزہ وصلی والا حرف صرف ایک ہے: (اَلْ)۔

سبق نمبر 26

الحاق کا بیان

۱ ۔الحاق کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بھی بتائیں کہ ملحق اور ملحق بہ کسے کہتے ہیں؟

- اِلحاق کی تعریف:

ثلاثی یا رباعی مجرد میں کسی حرف کی زیادتی کر کے اس کو رباعی یا خماسی کے ہم وزن کرنا اِلحاق کہلاتا ہے۔ جیسے جَلَبَ سے جَلْبَبَ بروزن دَحْرَجَ، مُلحق بِرُبَاعِی ہے۔ جسے ہم وزن کیا جائے اُسے مُلحَقُ اور جس کے ہم وزن کیا جائے اسے مُلحَقُ بِہٖ کہتے ہیں.

۲۔الحاق میں کن چیزوں کا ھونا ضروری ہے؟

- مُلحق اور مُلحق بہ کا وزن ایک ہونا ضروری ہے۔
- ۔ ان دونوں کے مصادر کا ہم وزن ہونا ضروری ہے

- یہ بھی ضروری ہے کہ الحاق کی وجہ سے مُلحَق کے معنی میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو

۳:۔بتائیں ملحق اور مزید فیہ میں کیا فرق ہے؟

- مزید فیہ وہ کلمہ ہے جس میں کسی حرف کی زیادتی کی وجہ سے معنی میں تبدیلی آگئی ہو جیسے کَرُمَ کا معنی ہے(بزرگ ہو اوہ) اور اَکْرَمَ کا معنی ہے(عزت کی اس نے)اَکْرَمَ میں ہمزہ کی زیادتی کی وجہ سے معنی میں تبدیلی آگئی لہٰذا یہ مزید فیہ کہلائے گا۔اور ملحق وہ کلمہ ہے جس میں کسی حرف کی زیادتی کی وجہ سے معنی میں تبدیلی نہ آئی ہو جیسے جَلَبَ سے جَلْبَبَ دونوں کا معنی ہے(چادر پہنانا.)

سبق نمبر27

ابواب کا بیان

۱:۔ثلاثی مزید فیہ کے کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟

ثلاثی مزید فیہ کے بارہ ابواب ہیں:

(۱)اِفْتِعَالٌ. (۲)اِنْفِعَالٌ. (۳)اِسْتِفْعَالٌ.(٤)اِفْعِلَالٌ.(٥)اِفْعِیْلَالٌ. (٦)اِفْعِیْعَالٌ. (٧)اِفْعِوَّالٌ. (٨)اِفَّعُّلٌ. (٩)اِفَّاعُلٌ.(١٠)اِفْعَالٌ.(١١)تَفْعِیْلٌ.(١٢)مُفَاعَلَةٌ.(١٣)تَفَعُّلٌ.(١٤)تَفَاعُلٌ.

2:۔ان میں سے ہر ایک باب کی علامت اور بنانے کا طریقہ بیان فرمائیں۔

(۱)۔۔۔اِفْتِعَالٌ:

باب اِفْتِعَالٌ میں فاءکلمہ کے بعد تاءزائدہ ہوتی ہے۔جیسے اِجْتَنَبَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاءکلمہ سے پہلے ہمزہ اور فاءکلمہ کے بعد تاءکا اضافہ کرکے اسے اِفْتَعَلَ کے وزن پر لے آئیں۔جیسے جَنَبَ(دور کرنا)سے اِجْتَنَبَ (دور ہونا)

(۲)۔۔۔اِنْفِعَالٌ:

باب اِنْفِعَالٌ میں فاءکلمہ سے پہلے نون زائدہ ہوتا ہے۔جیسے اِنْفَطَرَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاءکلمہ سے پہلے ہمزہ اور نون ساکن کا اضافہ کرکے اسے اِنْفَعَلَ کے ہم وزن کر دیں۔جیسے فَطَرَ(پھاڑنا)سے اِنْفَطَرَ(پھٹنا)

(۳)۔۔اِسْتِفْعَالٌ:

باب اِسْتِفْعَالٌ میں فاءکلمہ سے پہلے سین اور تاءزائد ہوتے ہیں۔جیسے اِسْتَنْصَرَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاءکلمہ سے پہلے ہمزہ، سین اور تاءکا اضافہ کرکے اسے اِسْتَفْعَلَ کے وزن پر لے آئیں۔جیسے نَصَرَ(مدد کرنا) سے اِسْتَنْصَرَ(مدد چاہنا)

(۴)۔۔۔۔۔۔اِفْعِلاَلٌ:

باب اِفْعِلالٌ کالام کلمہ مشدد ہوتا ہے۔ جیسے اِحْمَرَّ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ لائیں اور لام کلمہ کو مشدد کر کے اسے اِفْعَلَّ کا ہم وزن بنا دیں۔ جیسے حَمِرَ (سرخ ہونا) سے اِحْمَرَّ (خوب سرخ ہونا)

(۵)۔۔۔۔۔۔اِفْعِیْلاَلٌ:

باب اِفْعِیْلالٌ کالام کلمہ مشدد اور اس سے پہلے الف زائدہ ہوتا ہے۔ جیسے: اِدْھَامَّ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ، عین کلمہ کے بعد الف لے آئیں اور لام کلمہ کو مشدد کر کے اسے اِفْعَالَّ کے ہم وزن کر دیں۔ جیسے دَھِمَ (اچانک آگرنا) سے اِدْھَامٌّ (خوب سیاہ ہونا)

(۶)۔۔۔۔۔۔اِفْعِیْعَالٌ:

باب اِفْعِیْعَالٌ میں عین کلمہ کا تکرار اور ان کے درمیان واؤ زائدہ ہوتی ہے۔ جیسے اِخْشَوْشَنَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ لائیں، عین کلمہ کو مکرر کر کے دونوں کے درمیان واؤ کا اضافہ کر دیں اور اسے اِفْعَوْعَلَ کے وزن پر لے آئیں جیسے خَشُنَ (کھردرا ہونا) سے اِخْشَوْشَنَ (سخت کھردرا ہونا)

(۷)۔۔۔۔۔۔اِفْعِوَّالٌ:

باب اِفْعِوَّالٌ میں عین کلمہ کے بعد واؤ مشدد زائد ہوتا ہے۔ جیسے اِجْلَوَّذَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ اور عین کلمہ کے بعد واؤ مشدد لا کر اسے اِفْعَوَّلَ کے وزن پر کر دیں۔ جیسے اِجْلَوَّذَ (زیادہ تیز چلنا) (اس کا مجرد مادہ ج، ل، ذ ہے)

(۸)۔۔۔۔۔۔اِفَّعُّلٌ:

باب اِفَّعُّلٌ میں فاء اور عین کلمہ مشدد ہوتا ہے۔ جیسے اِطَّھَّرَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ لائیں، فاء اور عین کلمہ کو مشدد کر کے اسے اِفَّعَّلَ کے ہم وزن کر دیں۔ جیسے طَھَرَ (پاک ہونا) سے اِطَّھَّرَ (خوب پاک ہونا)

(۹)۔۔۔۔۔۔اِفّاعُلٌ:

باب اِفَّاعُلٌ میں فاء کلمہ مشدد اور اس کے بعد الف زائد ہوتا ہے۔ جیسے اثَّاقَلَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ اور فاء کلمہ کے بعد الف لے آئیں، فاء کلمہ کو مشدد کر کے اسے اِفَّاعَلَ کے وزن پر لے آئیں۔ جیسے ثَقُلَ (بھاری ہونا) سے اِثَّاقَلَ (بتکلف ثقل ظاہر کرنا)

(۱۰)۔۔۔۔۔۔اِفْعَالٌ:

باب اِفْعَالٌ کے شروع میں ہمزہ قطعیہ زائد ہوتا ہے۔ جیسے اَکْرَمَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے ہمزہ لا کر اسے اَفْعَلَ کا ہم وزن کر دیں۔ جیسے کَرُمَ (بزرگ ہونا) سے اَکْرَمَ (عزت کرنا)

(۱۱)۔۔۔۔۔۔تَفْعِیْلٌ:

باب تَفْعِیْلٌ میں عین کلمہ مشدد ہوتا ہے جیسے صَرَّفَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے عین کلمہ کو مشدد کر کے اسے فَعَّلَ کے وزن پر کر دیں۔ جیسے صَرَفَ (واپس کرنا، پھیرنا) سے صَرَّفَ (خوب واپس کرنا، خوب پھیرنا)

(۱۲)۔۔۔۔۔۔مُفَاعَلَةٌ:

باب مُفَاعَلَةٌ میں فاء کلمہ کے بعد الف زائدہ ہوتا ہے۔ قَابَلَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ کے بعد الف لائیں اور اسے فَاعَلَ کا ہم وزن کر دیں۔ جیسے قَبِلَ (قبول کرنا) سے قَابَلَ (بالمقابل ہونا)

(۱۳)۔۔۔۔۔۔تَفَعُّلٌ:

باب تَفَعُّلٌ میں فاء کلمہ سے پہلے تاء زائدہ اور عین کلمہ مشدد ہوتا ہے۔ تَقَبَّلَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے تاء لائیں اور عین کلمہ کو مشدد کر کے اسے تَفَعَّلَ کے ہم وزن کر دیں۔ جیسے قَبِلَ (قبول کرنا) سے تَقَبَّلَ (قبول کرنا)

(۱۴)۔۔۔۔۔۔تَفَاعُلٌ:

باب تَفَاعُل میں فاء کلمہ سے پہلے تاء زائدہ اور فاء کلمہ کے بعد الف زائدہ ہوتا ہے۔ جیسے تَقَابَلَ.

بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد کے فاء کلمہ سے پہلے تاء اور فاء کلمہ کے بعد الف کا اضافہ کریں اور اسے تَفَاعَلَ کے وزن پر لے آئیں۔ جیسے قَبِلَ (قبول کرنا) سے تَقَابَلَ (ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہونا)

۳:۔ بتائیں اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ اصل میں کیا تھے؟

باب اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ اصل میں تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ تھے تاء کو جوازاً فاء کلمہ کی جنس سے بدل دیا، پھر دو ہم جنس حروف کے جمع ہونے کی وجہ سے پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں مدغم کر دیا، اور ابتداء میں ہمزہ وصلیہ داخل کر دیا گیا تو یہ اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ بن گئے۔

تنبیہ:

ثلاثی مزید فیہ کے مذکورہ تمام ابواب سے فعل ماضی معروف کی مکمل گردانیں مع ترجمہ وصیغہ اپنی کاپی پر خوش خط فرمائیں۔

سبق نمبر28:

رباعی کے ابواب

۱۔رباعی مجرد کے کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟

